اسم فاعل بنایا چاہو تو امر حاضر معروف کے آخر بقول بعضے فتحہ اور بقول بعضے کسرہ دیکے لفظ نده بنون ساکن زیادہ کرو۔ جیسے امر حاضر معروف تھا، پرور اسم فاعل ہوا، پرورنده اور اسکے ترجمے کیواسطے مصدر کے ترجمے کے آخر کا الف یائے مجہول سے بدل کرکے لفظ والا اسکے بعد لاؤ۔ جیسے پروردن مصدر کا ترجمہ ہے پالنا اور اسم فاعل کا ترجمہ ہوا پالنے والا۔ اور اگر اسم فاعل کی جمع بنایا چاہو۔ تو آخر کی ہائے مختفی کو کاف فارسی سے بدل کرکے الف اور نون جمع کا بعد اسکے زیادہ کرو۔ اور اسکے ترجمے کے واسطے واحد کے ترجمے کے آخر کا الف یائے مجہول سے بدل کرو۔ جیسے پرورنده پالنے والا، پرورندگان پالنے والے۔ اسم مفعول بنایا چاہو تو ماضی مطلق معروف کے آخر یا ماضی مطلق مجہول کے آخر ہائے مختفی زیادہ کرو۔ دونو طرح سے اسم مفعول کا صیغہ بن جائیگا اگر ماضی مطلق معروف سے بنایا ہے تو اسکے ترجمے کیواسطے ماضی مطلق کے ترجمے کے آخر لفظ ہوا لگادو۔ اگر ماضی مطلق مجہول سے بنایا ہے۔ تو اس کا ترجمہ بعینہٖ ماضی مطلق مجہول کا ترجمہ ہے۔ لیکن ماضی کے معنے میں زمانہ کا لحاظ ہے۔ اسم مفعول کے معنے میں زمانہ کا لحاظ نہیں۔ اگر اسم مفعول کی جمع بنایا چاہو تو آخر کے ہائے مختفی کا کاف فارسی سے بدل کرکے الف اور نون جمع کا آخر کا زیادہ کرو۔ اور جمع کے ترجمے کے واسطے واحد کے ترجمے کے دونوں کلموں کے آخر جو الف ہو۔ اسکو یائے مجہول سے بدل ڈالو جیسے پرورده پالا ہوا، پروردگان پالے ہوئے پرورده شده پالا گیا پرورده شدگان پالے گئے پوشیدہ نرہے۔ کہ عربی میں فعل لازم کا اسم مفعول نہیں آتا مگر فارسی میں لازم کا اسم مفعول ماضی مطلق معروف سے بنایا ہوا آتا ہے جیسے رفته گیا ہوا رفتگان گئے ہوئے۔ اسم تفضیل صیغہ اسم فاعل کا ہے۔ کہ آخر اسکے لفظ تر ہے اور ترجمہ اس کا بھی ترجمہ اسم فاعل کا ہے کہ اسکے اوپر لفظ زیادہ زیادہ ہے۔ جیسے پرورنده تر زیادہ پالنے والا اور اسکی جمع کیواسطے آخر کو الف اور نون زیادہ کرتے ہیں۔ جیسے پرورنده تراں زیادہ پالنے والے۔ اسم ظرف صیغہ مصدر کا ہے کہ آخر اسکے گاہ بکاف فارسی زیادہ ہے۔ اور گاہ کا ترجمہ وقت اور جگہ ہے جیسے پروردن گاہ پالنے کی جگہ اور پالنے کا وقت اسم حال صیغہ امر کا ہے۔ کہ اسکے آخر الف اور نون ہے اور اسکا ترجمہ بھی امر کا ترجمہ ہے کہ آخر اسکے تا ہوا ہے جیسے پروران پالتا ہوا۔

فعل در شناختن فعل لازم و متعدی کردن لازم و متعدی المتعدی کردن متعدی

یاد رکھو کہ نوردن اور بردن اور بودن یہ تینوں مصدر اور تینوں کے افعال متعدی ہیں اور سوا ان تینوں کے جس کے ماضی مطلق کے ترجمے میں لفظ نے آوے اس مصدر کو اور اسکے افعال کو متعدی جانو جیسے زد زید مارا زید نے پرورد عمرو پالا عمرو نے پس زدن اور پروردن اسکے افعال متعدی ہیں۔ کہ انکے ماضی مطلق کے ترجمے میں لفظ نے آیا ہے اور جسکے ماضی مطلق کے ترجمے میں لفظ نے نہ آوے اس مصدر کو اور اسکے افعال کو لازم سمجھو جیسے رفت زید گیا زید

خفت عمرو سو یا عمرو بس رفتن اور خفتن لازم ہیں کہ ان کے ماضی مطلق کے ترجمے میں لفظ نے نہیں آیا۔ فائدہ فعل متعدی فاعل اور مفعول دونوں چاہتے ہیں کسواسطے کہ جبتک فعل متعدی کے فاعل اور مفعول نہ ہو تو بات پوری نہیں ہوتی جیسے زد زید عمرو مارا زید نے عمرو کو زد فعل متعدی زید اس کا فاعل ہے اور عمرو مفعول ہے فعل متعدی کے فاعل اور مفعول جو مذکور ہوئے تو بات پوری ہوئی۔ اور فعل لازم فقط فاعل کو چاہتا ہے مفعول کو نہیں چاہتا ہے کسواسطے کہ فعل لازم کے ساتھ جو فاعل اس کا مذکور کرتی ہیں۔ تو بات پوری ہو جاتی ہے۔ جیسے رفت زید گیا زید رفت فعل لازم زید اس کا فاعل فعل لازم جو فاعل کیساتھ ملا۔ تو بات پوری ہوئی۔ اگر مصدر لازم کو متعدی بنایا چاہو تو مصدر لازم کے امر حاضر معروف کے آخر فتحہ دے کے الف اور نون غنہ یا الف اور نون اور یائے معروف زیادہ کر کے دن علامت مصدری لگا دو مصدر متعدی ہو جائیگا۔ اور اسکے سب فعل متعدی ہونگے جیسے ترسیدن لازم مصدر بمعنے ڈرنا اور اسکا امر حاضر معروف ترس اسکے آخر الف اور نون غنہ اور لفظ دن زیادہ کیا۔ ترساندن ہوا اور اگر الف اور نون کے بعد یائے معروف بھی لائے تو ترسانیدن ہوا پس ترسانیدن اور ترساندن دونوں مصدر متعدی ہیں اگر اس مصدر متعدی کو اسی طرح سے پھر متعدی کرو ترسانیدن متعدی المتعدی ہوگا۔ اور متعدی مصدر کا ترجمہ اسکے لازم مصدر کے امر کی ترجمہ سے بنتا ہے اس طرح سے کہ آخر اسکے الف اور لفظ نا کو علامت مصدری ہے زیادہ کرو جیسے ترس کا ترجمہ ڈر ہوتا۔ ترساندن ترسانیدن کا ترجمہ ڈرانا اور متعدی المتعدی کیواسطے الف کے ماقبل واؤ مفتوح لگا دو۔ جیسے ترسانیدن کا ترجمہ ڈروانا ہوا اگر لازم امر کے آخر حرف علت کا ہو یعنی الف ہو یا واؤ ہو یا یائے تحتانی ہو اس کو لام سے یا واؤ مفتوح سے بدلنا چاہیئے جیسے سرائیدن کا ترجمہ گانا سرایانیدن کا ترجمہ گوانا۔ کاف فارسی کے بعد کا الف واؤ سے بدل ہوا شستن کا ترجمہ دھونا شویاندن اور شویانیدن کا ترجمہ دھلوانا اور راء سے بدل ہوا اور دوختن اور دوزیدن کا ترجمہ سینا اور دوزاندن اور دوزانیدن کا ترجمہ سلانا یہاں یائے تحتانی لام سے بدل ہوئی ہندی زبان والے موافق اپنے محاورے کے قیاس کریں۔

فصل در شناختن فاعل ہر فعل کہ در عبارت واقع شود

صیغہ واحد حاضر اور جمع حاضر کا اور واحد متکلم اور متکلم مع الغیر کا فعل بافاعل ہے۔ کہ انکا فاعل انکے ساتھ ہی حاضر کے دونوں صیغوں کا فاعل مخاطب ہے جیسے کردی کیا تو نے کردید کیا تم نے لفظ تو اور تم فاعل ہے اور متکلم کے دونوں صیغوں کا فاعل بات کرنیوالا ہے جیسے کردم و کردیم کیا میں نے کیا ہم نے لفظ میں اور ہم فاعل ہیں۔ ان چاروں صیغوں کا تو فاعل معلوم ہوا اب غائب کے دونوں صیغوں کا فاعل معلوم کیا چاہیئے۔ ان دونوں صیغوں

ہیں جسکا فاعل مفعول کیا چاہو اس صیغے کے ترجمے کے ساتھ لفظ کون یا کس نے ان دونوں لفظوں میں سے جونسا لفظ محاورہ ہندی میں ٹھیک ہوتا ہو ملاؤ جونسا لفظ عبارت میں اسکا جواب ہوسکے اس لفظ کو فاعل اس فعل کا جانو جیسے رفت زید گیا زید جب ہم نے کہا کون گیا یہی کہوگے کہ زید پس زید فاعل ہے رفت کا اسی طرح سے زد زید مارا زید نے جب ہم نے کہا کس نے مارا یہی جواب دوگے کہ زید نے پس زید فاعل ہے زد کا از بسکہ فاعل کا ہونا ضرور ہے جہاں کہیں فاعل لفظ میں ظاہر نہ ہو ضمیر واحد غائب کی کہ ماضی کے صیغہ واحد غائب میں پوشیدہ ہے اور لفظ او ہے کہ جس کا ترجمہ وہ یا اسنے ہے۔ وہی ضمیر فاعل ہوگی صیغہ واحد غائب میں اور صیغہ جمع غائب میں ضمیر جمع غائب کی لفظ اند ہے کہ ترجمہ اس کا وہ یا انہوں نے ہے۔ اس ضمیر کو صیغہ جمع غائب کا فاعل کہینگے جیسے رفت گیا وہ لفظ وہ فاعل ہے رفت کا اور جیسے رفتند گئے وہ لفظ وہ فاعل ہے۔ رفتند کا واحد غائب کا فاعل کا حذف کرنا بالکل درست نہیں مگر جمع غائب کا فاعل حذف کرنا درست ہے جیسے آوردہ اند کہ سپاہ دشمن بیقیاس بود یعنی خبر لائے ہیں خبر لانیوالے کہ سپاہ دشمن کی بیقیاس تھی آوردہ اند کہ کا فاعل لانیوالے ہیں عبارت سے محذوف اور جیسے اختیار بدست من نداده اند یعنی اختیار میرے ہاتھ میں نہیں دیا ہے۔ قضا و قدر نے نداده اند کا فاعل قضا و قدر ہے محذوف پوشیدہ رہے ضمیر جس کی طرف پھرتی ہے۔ اس کو مرجع اس ضمیر کا کہتے ہیں جیسے آمد زید و نشست یعنی آیا زید اور بیٹھا نشست میں ضمیر ہو کہ پھرتی ہے زید کی طرف زید مرجع ہے۔ اس ضمیر کا اور سنو جس طرح فعل معروف کا فاعل پہچاننا معلوم کیا تم نے اسی طرح سے فعل مجہول کا مفعول مالم یسم فاعلہ کون کے لفظ کیساتھ معلوم کرو جیسے کشتہ شد زید مارا گیا زید جب کہوگے کون مارا گیا۔ تو جواب یہی ہوگا کہ زید پس زید مفعول مالم یسم فاعلہ ہے کشتہ شد فعل مجہول کا یاد رکھو کہ فاعل اسم ہوتا ہے فعل اور حرف نہیں ہوتا بلکہ جو اسم کہ اسکے اوپر حرف لگا ہو وہ اسم بھی فاعل نہیں ہوتا اور کبھی فاعل مرکب بھی ہوتا ہے جیسے رفت پدر زید فاعل رفت کا پدر زید ہے مرکب اس طرح سے ہے۔ رفت غلام پدر زید۔

فصل در شناختن مفعول ہر فعل متعدی کہ در عبارت واقع شود

اگر چاہو کہ فعل متعدی کا مفعول عبارت میں معلوم کرو تو اس فعل کو ہندی ترجمے کیساتھ لفظ کیا یا کسی کو ان دونوں لفظوں میں سے جونسا لفظ موافق محاورہ ہندی کے درست ہوتا ہو اس لفظ کو ملاؤ جونسا کلمہ اسکا جواب ہوسکے وہی کلمہ مفعول اس فعل کا ہے جیسے خورد زید طعام کھایا زید نے طعام جب کہوگے کیا کھایا زید نے تو جواب اس کا ہوگا طعام پس طعام مفعول ہے خورد کا اور زید فاعل ہے۔ اور جیسے زد زید بکر را - مارا زید نے

بکر کو جب کہو گے کسکو مارا زید نے تو جواب یہی ہوگا بکر کو پس بکر مفعول ہے۔ زد کا اور لفظ را نشان مفعول کا ہے اور زید
فاعل زد کا اس مفعول کو عربی میں مفعول بہ کہتے ہیں۔ کہ فعل اس پر واقع ہوتا ہے جیسے اس مثال میں بکر پر
واقع ہوئی اور لفظ را نشان مفعول کا کبھی لاتے ہیں کبھی نہیں لاتے اگر مفعول بہ انسان ہو تو اکثر لاتے
ہیں۔ مثال اس کی آگے گذری۔ اور بعضے فعلوں کے دو مفعول ہوتے ہیں پہلے مفعول کو مفعول اول کہتے ہیں
دوسرے مفعول کو مفعول ثانی اور ثانی کے معنے دوسرا۔ ان فعلوں کے مصدر یہ ہیں۔ دانستن یافتن انگاشتن
نگریستن داشتن بخشیدن گردانیدن اور مرادف انکے اور کبھی کردن اور ساختن بھی گردانیدن کے معنے میں
آتے ہیں۔ اس وقت ان کے بھی دو مفعول ہوتے ہیں جیسے دانستم زید را دانا دانستم فعل با فاعل زید مفعول اول دانا
مفعول ثانی اسی طرح سے انگاشتم زید را دانا اور گردانیدم زید را دانا اور ساختم زید را دانا اور کردم زید را دانا اور
کبھی مفعول ثانی ان کا بھی نہیں ہوتا جیسے او را بخشیدم بخشیدم فعل با فاعل او مفعول را نشان مفعول کا یعنی اسکو دیدیئے
گفتن کے مشتقات کے بھی دو مفعول ہوتے ہیں پہلا مفعول مفعول بہ کہلاتا ہے اور دوسرے کو مقولہ کہتے ہیں اور مقولہ
اکثر جملہ ہوتا ہے یعنی پوری بات جیسے ع گفتمش در چشم بنشین ای رقیب۔ کہا میں نے اسکو آنکھوں میں بیٹھ کہا رقیب اسکو بیٹھ
گفتم فعل با فاعل ش ضمیر مفعول بہ در چشم بنشین جملہ ہے مقولہ گفتم کا اسی طرح سے گفت فعل رقیب اس کا فاعل
دوسرا بنشین مفعول بہ گفت کا بنشین مقولہ ہے دوسرے گفت کا اور کبھی اس کا مفعول بہ محذوف بھی ہوتا ہے جیسے
ع فلک گفت احسنت مہ گفت زہ۔ فلک فاعل ہے پہلے گفت کا اور مہ فاعل ہے دوسرے گفت کا احسنت مقولہ
ہے پہلے گفت کا زہ مقولہ ہے دوسرے گفت کا اور کبھی مقولہ اسم مفرد بھی ہوتا ہے جیسے ثنا گفتم ثنا اسم مفرد ہے مقولہ گفتم کا اور
کبھی مفعول بہ جملہ ہوتا ہے یعنے پوری بات جیسے میخواہم ترا ببینم میخواہم فعل با فاعل ترا ببینم پوری بات ہے مفعول میخواہم کا
پوشیدہ نہ رہے۔ کہ ترا ببینم مصدر کے معنے ہیں یعنی میخواہم دیدن تو مخفی نہ رہے۔ کہ سوا ان مفعولوں کے اور بھی
مفعول ہیں مفعول فیہ۔ اور مفعول لہ۔ اور مفعول مطلق بیشتر عرض کر چکا ہوں میں کہ فعل کرنا ایسا
کام کا ہے۔ وہ جس مکان میں یا جس وقت میں کیا جاوے اس مکان کو اور اس وقت کو مفعول فیہ
کہتے ہیں۔ اور اسکو ظرف کہتے ہیں۔ وقت کو ظرف زمان اور مکان کو ظرف مکان کہتے ہیں اور مفعول فیہ
کے اوپر در اور بر اور با سے موحدہ یعنی در اور بہ کے اکثر لاتے ہیں جیسے خفتم بر تخت در شب اور جیسے رفتم
بوقت شام ببازار۔ تخت اور بازار ظرف مکان ہیں۔ اور شب اور شام ظرف زمان ہیں کبھی در اور بر اور با سے
موحدہ نہیں بھی لاتے۔ جیسے شب کجا بودی یعنی در شب کجا بودی اور وہ کام جس بات کیواسطے

کیا جاوے۔ اس بات کو مفعول لہ کہتے ہیں جیسے زدم زید را برائے ادب مارا میں نے زید کو واسطے ادب کے لفظ ادب مفعول لہ ہے۔ اور جو اسم کہ اس پر با ہو اور مفعول بہ کے بعد واقع ہو اس اسم کو مفعول معہ کہتے ہیں جیسے زدم زید را بعمرو مارا میں نے زید کو ساتھ عمرو کے یعنی عمرو کو بھی مارا عمرو مفعول معہ ہوا اور مفعول یا شریک مفعول کے ہوتا ہے۔ مفعول مطلق بمعنے اس فعل کا ہے کہ جس فعل کا مفعول مطلق ہو اکثر مفعول مطلق فعل کی تاکید کے واسطے آتا ہے۔ اور اسکے آخر یائے معروف بھی زیادہ کرتے ہیں جیسے زدم زید را زدنی یعنی مارا میں نے زید کو جو مارنے کا حق ہے اور مفعول مطلق ایک نوع کے بیان کرنے میں بھی آتا ہے۔ سکے آخر یائے معروف نہیں لاتے جیسے نشستم نشستن امیر بیٹھا میں بیٹھک امیر کی یعنی امیر کے بیٹھنے کی طرح بیٹھا میں اور مفعول مطلق واسطے شمار کے بھی آتا ہے جیسے نشستم یک نشست یہاں نشست بمعنی نشستن ہے یعنی بیٹھا میں ایک بیٹھک فائدہ ان مفعولوں کے دریافت کرنے کو ہر ایک مفعول کے واسطے ایک ایک لفظ مقرر کیا ہے جب وہ لفظ فعل کے ترجمے کے ساتھ ملاؤ گے جواب اس کا وہی مفعول ہوگا چنانچہ ہر ایک مفعول کے نیچے وہ لفظ لکھا جاتا ہے۔ اس جدول سے دریافت کرو۔

مفعول فیہ مفعول فیہ ظرف زمان ظرف مکان کب کہاں	مفعول معہ کسکے ساتھ	مفعول لہ کسواسطے	مفعول مطلق برائے تاکید کیا	مفعول مطلق برائے نوع کس طرح	مفعول مطلق برائے عدد کے بار

فصل در افعال ناقصہ

افعال ناقصہ وہ فعل ہیں۔ کہ جن کا فاعل اور مفعول نہیں ہوتا بلکہ اسم اور خبر کو چاہتے ہیں یا لازم ہیں کہ فاعل کے پہچاننے کے قاعدے سے ان کی خبر عبارت میں معلوم کریں اور ان فعلوں کے مصدر یہ ہیں۔ بودن اور شدن اور مرادف اسکے گشتن اور گردیدن اور ہست اور نیست کو بھی افعال ناقصہ گنتے ہیں جیسے بود زید دانا شد زید دانا گشت زید دانا گردید زید دانا ہست زید دانا نیست زید دانا۔ سب افعال ناقصہ ہیں زید ان کا اسم اور دانا انکی خبر ہے اور کبھی است بھی ہست کے معنی میں آتا ہے۔ اسم اور خبر چاہتا ہے اور فعلوں کی طرح ہست اور نیست کے بھی چھ چھ صیغے ہیں ہست هستند هستی هستید هستم هستیم نیست نیستند نیستی نیستید نیستم نیستیم۔

فصل در بیان حال

حال وہ اسم ہے جس سے ہیئت فاعل یا مفعول کی معلوم ہو جیسے زدم زید را ایستادہ میں نے مارا زید کو کھڑے ہوئے

زدم فعل با فاعل زید مفعول بر ایستاده حال ہے کہ اس سے ہیئت مفعول کی معلوم ہوتی ہے کہ متکلم نے زید کو کھڑے ہونے کے حال میں مارا جیسے کشتم زید را تشنہ مار ڈالا میں نے زید کو اس حال میں کہ وہ زید پیاسا تھا زدم فعل بافاعل زید مفعول تشنہ حال ہے کہ ہیئت مفعول کو اس سے معلوم ہوتی ہے اور کبھی حال مرکب ہوتا ہے ایسا مرکب جسکو پوری بات کہتے ہیں جیسے زدم زید را و پدرش ایستادہ بود مارا میں نے زید کو اس حال میں کہ باپ اسکا کھڑا تھا زدم فعل با فاعل زید مفعول اسکا اور پدرش ایستادہ بود جملہ ہے کہ حال واقع ہوا ہے۔ اور اس جملے کے اوپر کے واو کو واو حالیہ کہتے ہیں۔

فصل در بیان ضمیرہا

ضمیر وہ اسم ہے کہ بنایا گیا ہے واسطے غائب کے یا حاضر کے یا متکلم کے وہ اوپر دو قسم کے ہے متصل اور منفصل متصل وہ کہ کسی کلمہ سے پیوستہ ہو علیحدہ کلمے سے نہ ہو منفصل وہ ہے کہ بذات خود کلمہ علیحدہ ہو اور کلمے کے ساتھ ملنے کی اسے احتیاج نہ ہو ہر ایک ان دونوں قسموں سے تین طرح کے ہے مرفوع اور منصوب اور مجرور مرفوع ضمیر فاعل کی ہے منصوب ضمیر مفعول ہے مجرور ضمیر مضاف الیہ کی ہے یہ سب قسم اور مثالیں ان کی اس جدول سے دریافت کرو اور یاد رکھو کہ ضمیر منصوب اور مجرور ہر فاعل واقع نہ ہوگی !!

[illegible]	[illegible]	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مرفوع متصل		ورنہی مستتر ور مثالش سازد	ند سازند	ی سازی	ید سازید	م سازم	یم سازیم
منصوب متصل		ش دہندش	شان دہندشان	ت دہندت	تان دہندتان	م دہندم	مان دہندمان
مجرور متصل		ش غلامش	شان غلام شان	ت غلامت	تان غلامتان	م غلامم	مان غلام مان
مرفوع منفصل		او وی آن آمد او	ایشان آنان آنہا آمدند ایشان	تو آمدی تو	شما آمدید شما	من آمدم من	ما آمدیم ما
منصوب منفصل		اورا ویرا آنرا دیدند اورا	ایشانرا آنانرا آنہارا دیدند ایشانرا	ترا دیدند ترا	شمارا دیدند شمارا	مرا دیدند مرا	مارا دیدند مارا
مجرور منفصل		او وی آن غلام او	ایشان آنان آنہا غلام ایشان	تو غلام تو	شما غلام شما	من غلام من	ما غلام ما

جس کلمے کے آخر ہائے مختفی ہو اور ضمیر متصل اس سے لگے اس ضمیر کے اوپر الف زیادہ کرتے ہیں کہ دو ساکن جمع نہوں جیسے بندہ اند بندہ ام بندہ ایم اور بعد اسم کے ضمیر واحد غائب متصل جگہ لفظ ست لاتے ہیں جیسے کہیں زید بندہ خداست اور اس است کے اوپر الف زیادہ کرتے ہیں جب ست ہائے مختفی والے کلمے کے ساتھ ملاتے ہیں کہتے ہیں زید بندہ است جس کلمے کے آخر (ہ) نہ ہو اس کلمے کے بعد است الف کیساتھ لکھنا غلط ہے بغیر الف کے صحیح ہے جیسے عاشق ہو جب ترست جو شخص قریب ست میں لفظ لکھتے ہیں خطا کرتے ہیں۔

باب دوم در ترکیب مرکب

ترکیب کے معنے کیا ہیں دو کلموں کو آپس میں ملانا اور مرکب وہ دو کلمے ہیں کہ آپس میں ملے ہوں پس مرکب دو قسم ہے قسم اوّل مرکب وہ مرکب ہے کہ پوری بات ہو اور سننے والے کو اس سے پورا فائدہ حاصل ہو اسکو عربی میں کلام تام کہتے ہیں جیسے زید آمد اور زید بکر نیک ست قسم دوم مرکب وہ مرکب ہے کہ پوری بات نہ ہو اور سننے والے کو اس سے پورا فائدہ حاصل نہ ہو اس کو عربی کلام میں ناقص کہتے ہیں جیسے غلام زید اور جیسے مرد نیک بیان قسم اوّل مرکب کہ کلام تام ست کلام تام بھی اوپر دو قسم کے ہے۔ ایک قسم کا نام جملہ فعلیہ ہے۔ دوسری قسم کا نام جملہ اسمیہ ہے۔

فصل در بیان جملۂ فعلیہ

جملہ فعلیہ وہ مرکب ہے کہ فعل اور اسم سے ملکے بات پوری ہو اگر اس میں لازم فعل ہے تو فعل صرف فاعل کیساتھ ملکے جملہ فعلیہ ہو جائیگا جیسے رفت زید رفت فعل زید اسکا فاعل ہے فعل ساتھ فاعل کے ملکے جملہ فعلیہ ہوا اگر متعدی فعل ہے تو وہ فعل فاعل اور مفعول کیساتھ ملکے جملہ فعلیہ ہوگا جیسے زد زید عمرو را مارا زید نے عمر کو زد فعل زید اسکا فاعل عمرو اسکا مفعول را علامت مفعول کی فعل متعدی ساتھ فاعل اور مفعول کے ملکے جملہ فعلیہ ہوا اگر جملہ فعلیہ میں فعل ماضی یا مضارع یا حال یا مستقبل ہو اسکو جملہ فعلیہ خبریہ کہتے ہیں اگر جملہ میں فعل امر یا فعل نہی ہو اس کو جملہ فعلیہ انشائیہ کہتے ہیں جیسے بیا اور میا دونوں فعل با فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہیں۔ اور جیسے بزن زید را مارا زید کو بزن فعل با فاعل زید مفعول اس کا فعل با فاعل ساتھ مفعول کے ملکے جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا اور افعال ناقصہ اپنے اسم اور خبر کیساتھ اور گفتن کے مشتقات اپنے فاعل اور مفعول اور مقولہ کے ساتھ ملکے جملے ہوتے ہیں جیسے بود زید دانا تھا زید دانا۔ بود افعال ناقصہ سے ہے۔ چاہتا ہے اسم اور خبر کو زید اس کا اسم دانا اس کی خبر بود اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکے جملہ فعلیہ ہوا بعضے اس کو جملہ اسمیہ کہتے ہیں۔ اور جیسے گفتمش در چشم نشین گفتم فعل با فاعل ش مفعول بہ در چشم نشین جملہ فعلیہ مقولہ ہے گفتم کا گفتم فعل با فاعل ساتھ مفعول اور مقولہ کے ملکے

جملہ فعلیہ ہوا جو جملہ مقولہ ہوتا ہے کبھی اس پر کاف بھی لاتے ہیں جیسے ع گفتم کہ گلے بچینم از باغ یہاں کاف کو کاف
سر جملہ کہو یا کاف بیانیہ کہو کیونکہ جملہ بیان ہے اس محذوف کا یعنی گفتم این کہ گل بچینم از باغ کہی میں نے بات کہ ایک
پھول چنوں میں باغ سے مخفی نہ رہے۔ فارسی میں فاعل فعل کے اوپر اکثر مقدم آتا ہے جیسے زید رفت اور عربی میں
فاعل فعل کے اوپر مقدم نہیں ہوتا عربی میں زید رفت کی ترکیب یوں کہتے ہیں۔ زید مبتدا رفت فعل اسمیں
ضمیر ہے پھرتی ہے۔ زید کیطرف وہ فاعل ہے رفت کا فعل ساتھ فاعل کے ملکے جملہ فعلیہ ہوکے خبر ہوئی مبتدا
کی مبتدا اور خبر ملکے جملہ اسمیہ ہوا مخفی نہ رہے۔ جہاں قرینہ پایا جاتا ہے وہاں جملہ فعلیہ سے فعل حذف کیا جاتا ہے
جیسے کوئی کہے کہ آمد کون آیا اسکے جواب میں کہیں زید یعنی آمد زید یہاں آمد محذوف ہے اور کہیں تمام جملہ محذوف
ہوتا ہے۔ جیسے آغاز میکنم این کتاب را جملہ محذوف ہے ع بنام جہاندار جان آفرین کے اوپر سے منادی کے آگے
کے اوپر سے بھی فعل اور فاعل محذوف ہوتا ہے۔ عربی میں جسکو بلاتے ہیں اس کو منادی کہتے ہیں جیسے اے زید مقصود اس سے
یہ ہے کہ میخوانم زید را یعنی بلاتا ہوں میں زید کو اے حرف ندا کا زید منادی حرف ندا کا منادی کیساتھ ملکے قائم مقام جملہ
فعلیہ کے ہے کیونکہ اسواسطے کہ معنے فعل کے اسمیں پائے جاتے ہیں۔ اور یہ جملہ بغیر دوسرے جملہ کے تمام نہیں ہوتا اس دوسرے جملے کو
جواب ندا کا کہتے ہیں جیسے اے کریم کرم کن۔ تو ترکیب اسکی یوں کہنا چاہیے اے حرف ندا کا کریم منادی حرف ندا کا
منادی سے ملکر قائم مقام جملہ فعلیہ کے ہوا۔ کن فعل با فاعل کرم اس کا مفعول فعل با فاعل ساتھ مفعول کے
ملکے جملہ فعلیہ ہو کے جواب ندا کا ہوا ندا ساتھ جواب کے ملکے جملہ ندائیہ ہوا اور اسی طرح سے کبھی فعل اور فاعل قسم کے
اوپر سے محذوف ہوتے ہیں۔ جیسے بخدائے کریم یعنی قسم خورم بخدائے کریم قسم کھاتا ہوں میں ساتھ خدائے کریم کے جملہ
بھی بغیر دوسرے جملے کے تمام نہیں ہوتا اس دوسرے جملے کو جواب قسم کا کہتے ہیں جیسے ع بنام ایزد عجب ارزان خریدیم یعنی قسم میخورم بنام ایزد
عجب ارزان خریدیم یوسف را قول زلیخا کا ہے قسم کھاتی ہوں میں خدا کے نام کی سستا خریدا میں نے یوسف کو قسم میخورم
جملہ ہے محذوف بنام ایزد متعلق ہے فعل محذوف کے خریدیم فعل با فاعل یوسف اسکا مفعول محذوف عجب ارزان حال ہے مفعول
محذوف کا فعل با فاعل ساتھ مفعول محذوف کے ملکے جملہ فعلیہ ہو کے جواب ہوا قسم کا قسم ساتھ جواب کے ملکے جملہ
قسمیہ ہوا۔ اور کبھی حرف ندا کا بھی محذوف ہوتا ہے جیسے بیا جامی رہا کن شرمساری یعنی بیا اے جامی رہا کن شرمساری
اور کبھی منادی بھی محذوف ہوتا ہے۔ جیسے ع اے بذات تو مزین مسند پیغمبری یعنی اے آنکہ بذات تو مزین است مسند
پیغمبری۔ لفظ آن منادی ہے۔ محذوف اور اسی طرح سے جملہ دعائیہ سے بھی فعل محذوف ہوتا ہے یعنی چشم بد
بد نظر تری دور ہو جیسے چشم بد اسم ہے۔ باد کا باد مخفف ہے۔ بواد کا اور بود اصل میں بود صیغہ مضارع کا ہے تعالی

ناقصہ سے الف دعا کا جیسے اس میں آیا تو لباؤ ہوا سو یہاں سے محذوف ہے۔ ورد اسکے خبر ہے یا فعل مضارع محذوف ساتھ اسم اور خبر کے ملکے جملہ فعلیہ ہوا اور کبھی سوال کے قرینے سے فعل اور فاعل جواب سے حذف کرتے ہیں اور مفعول کو مذکور کرتے ہیں جیسے کوئی پوچھے زید کرا زد جواب میں کہیں عمرو را یعنی زد زید عمرو را فعل فاعل دونوں جواب سے محذوف ہیں عمرو مفعول مذکور ہے۔ را علامت مفعول کی فعل محذوف ساتھ فاعل محذوف اور مفعول مذکور کے ملکے جملہ فعلیہ ہوا۔ جملہ شرطیہ بھی دو جملوں سے تمام ہوتا ہے پہلے جملہ کو فعل شرط کہتے ہیں دوسرے جملہ کو جزا شرط کی جیسے اگر رفتی جاں بسلامت بردی واگر خفتی مردی یعنی اگر گیا تو جان سلامت لیگیا۔ اور اگر سو یا تو مرا ترکیب اسکی یہ اگر حرف شرط کا رفتی فعل با فاعل جملہ فعلیہ فعل شرط بردی فعل با فاعل جان اسکا مفعول بسلامت متعلق فعل کے فعل با فاعل ساتھ مفعول اور متعلق کے ملکے جزا ہوئی شرط کی شرط ساتھ جزا کے ملکے جملہ شرطیہ ہوا اسی طرح سے ترکیب اگر خفتی مردی کی ہو اور کبھی جزا شرط کی محذوف ہوتی ہے جیسے غنیمت کے کلام میں بیت مرا خود عرصۂ اندیشہ تنگ ست ؎ اگر با قضا یارائی جنگ ست ؎ اگر حرف شرط کا مرا با قضا یارائی جنگ ست جملہ ہے فعل شرط اور جزا اسکی یعنی جنگ محذوف ہے یعنی جنگ کروں گا قضا کے ساتھ طاقت لڑائی کی ہو تو لڑ پوشیدہ نہ رہے جملہ شرطیہ میں ایک حرف شرط کے حروف میں سے رہتا ہے حرف شرط کے یہ ہیں۔ مگر اور اگر اور ورا اور چوں اور چو اور ہر آنکہ و قتیکہ اور ہر روز کہ اور ہر گاہ مگر یکا اور مثال انکے جس جملہ میں آئے ہیں اس جملے میں شرط کے معنے پائے جاتے ہیں۔

فصل در بیان جملہ اسمیہ

جملہ اسمیہ وہ ہے۔ کہ دو اسم ملکے بات پوری ہو اور سننے والے کو پورا فائدہ حاصل ہو اور بات کی ابتدا اس اسم سے ہو کہ دوسرا اسم اس پہلے اسم کے احوال سے خبر دینے والا ہو ابتدا والے اسم کو مبتدا کہتے ہیں۔ اور دوسرے اسم کو خبر کہتے ہیں مبتدا ساتھ خبر کے ملکے جملہ اسمیہ ہوتا ہے۔ اور جملہ اسمیہ میں ایک حرف ربط کا لفظ میں یا معنے میں ہوتا ہے جیسے زید نیک ست و عمرو زید نیک ہے اور عمرو زید زید مبتدا اور نیک خبر کہ زید کے احوال سے خبر دیتا ہے۔ کہ وہ نیک ہے اور است حرف ربط کا ہے مبتدا ساتھ خبر کے ملکے جملہ اسمیہ ہوا اور اسی طرح سے عمرو مبتدا ہے اور زید خبر ہے اور است حرف ربط کا اس قرینے سے کہ پہلے جملہ میں ہے اس جملے سے محذوف ہوا لیکن معنی میں ملحوظ ہے۔ یہ مبتدا بھی خبر کیساتھ ملکے جملہ اسمیہ ہوا۔ زیادہ واضح کرتا ہوں کہ مضمون جملہ اسمیہ کا یہ ہے۔ کہ شخص یا یہ چیز یہ ہے۔ شخص کو یا چیز کو مبتدا جانو اور یہ کہ مقام پر جو کلمہ ہو اسکو خبر سمجھو اس سے بھی زیادہ تر روشن کرتا ہوں میں کہ مبتدا کیساتھ لفظ کیا ہے۔ مثلاً یہ جو لفظ جواب اس کا ہو سکے اسکو خبر سمجھیں اور خبر کیساتھ لفظ کون ہے۔ مثلاً اسکا جواب جو لفظ ہو سکے اس کو مبتدا جانو جیسے زید نیک ست میں

جب کہو گے زید کیا ہے. جواب یہی ہوگا کہ نیک معلوم ہوا کہ لفظ نیک خبر ہے۔ اور جب کہو گے کہ نیک کون ہے. تو جواب اسکا ہوا زید جان لو کہ زید مبتدا ہے۔ یاد رکھو کہ حرف نہ مبتدا ہوتا ہے۔ نہ خبر اور فعل بھی مبتدا نہیں ہوتا مگر جملہ ہو کے خبر ہوتا ہے سو جملہ اسم کی جگہ گنا جاتا ہے۔ اس راہ سے اسم ہی مبتدا ہوتا ہے اور اسم ہی خبر ہوتا ہے۔ اور جسوقت جملہ خبر ہووے تو جملہ میں ضرور ہے۔ کہ ایک ضمیر کی مبتدا کی طرف پھرے جیسے زید پدرش نیک است. ترکیب اس کی یوں کہا چاہیئے۔ زید پہلا مبتدا پدر دوسرا مبتدا مضاف شین کی ضمیر کہ پھرتی ہے پہلے مبتدا کی طرف مضاف الیہ ہے نیک خبر اور است حرف ربط دوسرا مبتدا خبر کیساتھ ملکے جملہ اسمیہ ہو کے خبر ہوا پہلے مبتدا کا پہلا مبتدا خبر کیساتھ ملکے جملہ اسمیہ ہوا۔ پوشیدہ نہ رہے کہ مبتدا اور خبر میں مطابقت ضرور ہے۔ اور مبتدا ان چھ قسم سے باہر نہیں واحد غائب ہے. جمع غائب یا واحد حاضر یا جمع حاضر یا واحد متکلم یا متکلم مع الغیر اور ضمیر مرفوع متصل کہ اسم کے ساتھ لگتی ہے اس کے بھی چھ کلمے ہیں۔ است اور اند اور ای اور اید ام اور ایم ضرور ہے۔ کہ موافق مبتدا کے حال کے ایک کلمے کو ان کلموں سے خبر کے آخر یا مبتدا کے آخر لگادیں جس لفظ کے ساتھ لگادیں اگر اسکے آخر ہائے مختفی ہو تو ضمیر کا کلمہ الف کے ساتھ پڑھا چاہیئے اور اگر ہائے مختفی اسکے آخر نہ ہو تو کلمہ ضمیر کا بغیر الف کے لکھا پڑھا چاہیئے چھیوں قسم کے مبتدا اور ہر ایک مبتدا کی دو دو خبریں ایک وہ کہ جس کے آخر ہائے مختفی نہ ہو دوسرے وہ کہ جسکے آخر ہائے مختفی ہو اور علامت کے کلمے فارسی جملہ اسمیہ کے اور ہندی جملہ اسمیہ کی اس جدول سے معلوم کرے جدول یہ ہے۔

نام اقسام	مبتدا خبر یہ کلمہ کہ آخر میں	مبتدا خبر کلمہ کہ آخر میں	علامت جملہ	علامت جملہ
مبتدا	ہائے مختفی نیست	ہائے مختفی ہست	فارسی	ہندی
واحد غائب	خدا کریم ست	خدا بخشندہ است	است	ہے
جمع غائب	جوانان خود پسندیدہ خرم اند	جوانان شاد اند	اند	ہیں
واحد حاضر	تو سروری	تو پسندیدہٗ	ای	ہے
جمع حاضر	شما سرورید	شما پسندیدہ اید	اید	ہو
واحد متکلم	من گنہگارم	من بندہ ام	ام	ہوں
متکلم مع الغیر	ما گنہگاریم	ما بندہ ایم	ایم	ہیں

جملہ معترضہ وہ جملہ ہے۔ کہ ایک جملہ کے درمیان واقع ہو جیسے یار من چشم بد دور خوبست یار مبتدا خوبست خبر مبتدا اور خبر ملکے جملہ اسمیہ ہوا چشم بد دور جملہ معترضہ ہے کہ اس جملہ کے بیچ میں واقع ہوا ہے۔ اگر قرینہ دلالت کرے تو مبتدا کو حذف بھی کرتے ہیں جیسے کوئی کہے وند و وزد یعنی انیست وزد این مبتدا محذوف است علامت جملہ اسمیہ کی اور خبر یا کوئی پوچھے کہ رستم پسر کیست اسکے جواب میں کہو پسر زال است یعنی رستم پسر زال است رستم مبتدا محذوف پسر زال خبر اور است علامت جملہ اسمیہ کی اسی طرح سے خبر بھی محذوف ہوتی ہے جیسے زید درخانہ است یعنی زید در خانہ موجود است زید گھر میں موجود ہے زید مبتدا موجود خبر محذوف درخانہ متعلق خبر کے جملہ بیانیہ وہ جملہ ہے کہ کسی اسم کا بیان پڑے۔ اس جملہ پر کاف بیانیہ بھی آتا ہے۔ اور یہ جملہ جس اسم کا بیان پڑتا ہے۔ اس اسم کو مبین کہتے ہیں اگر جملہ بیانیہ مبین کی ذات کا بیان ہے۔ تو جملے سے مبتدا کا حذف کرنا اولیٰ ہے جیسے ع کجا رفت یارے کہ جان من است یعنی کجا رفت یارے کہ جان من است۔ ترکیب اسکی یوں کہنا چاہیے۔ جان من خبر مبتدا محذوف کی مبتدا محذوف لفظ او ہے مبتدا خبر کیساتھ ملکے جملہ اسمیہ ہو کے بیان پڑا یار کا یار ساتھ بیان کے ملکے فاعل ہوا رفت کا رفت فعل ساتھ فاعل کے ملکے جملہ فعلیہ ہوا اگر جملہ بیانیہ مبین کی ذات کا بیان نہ ہو بلکہ مبین کے متعلق کا بیان ہو تو اس مقام میں مبتدا کو حذف نہیں کرتے بلکہ اس جملہ میں ایک ضمیر لاتے ہیں۔ کہ پھرتی ہو مبین کی طرف جیسے رفیق من سوار لیست کہ اسپش کمیت است مبتدا مضاف ضمیر شین کی کہ پھرتی ہے سوار کی طرف مضاف الیہ کمیت خبر است علامت جملہ اسمیہ کی مبتدا خبر کیساتھ ملکے بیان ہوا سوار کا مبین اپنے بیان کے ساتھ ملکے خبر ہوئی رفیق من کی رفیق من مبتدا ساتھ خبر کے ملکے جملہ اسمیہ ہوا اس جملہ میں اسپ کا بیان ہو کہ متعلق ہو سوار سے سوار کی ذات کا بیان نہیں اور جملہ بیانیہ جملہ اسمیہ بھی ہوتا ہے اور جملہ فعلیہ بھی ہوتا ہے جیسے ع شنیدم کہ شاہ پور دم درکشید درکشید فعل او ضمیر زاہد شاہ پور فاعل دم مفعول فعل ساتھ فاعل اور مفعول کے ملکے جملہ فعلیہ ہو کے بیان ہوا اس محذوف کا یعنے شنیدم اس کہ شاہ پور دم درکشید سنی میں نے یہ بات کہ شاہ پور نے دم کھینچا یعنی خاموش رہا دوسرا قسم مرکب کا کہ پوری بات نہ ہو اور سننے والے کو اس سے پورا فائدہ حاصل نہ ہو مرکب کئی نوع پر ہے۔ ہر ایک کی بیان کی ایک فصل ہے۔

فصل در بیان مرکب اضافی

مرکب اضافی یہ کہ جسمیں اضافت پائی جائے اضافت کیا ہے نسبت کرنا ایک اسم کا دوسرے اسم کی طرف لگاؤ کو کہتے ہیں جس اسم کو لگاتے ہیں دوسرے اسم کیساتھ اس اسم کو مضاف کہتے ہیں۔ اور جس اسم کیطرف نسبت کرتے ہیں اسکو مضاف الیہ کہتے ہیں۔ اور فائدہ اضافت کا یہ کہ مضاف عام سے خاص ہوتا ہے۔ جیسے غلام زید غلام زید کا

غلام کا لفظ عام تھا ہر ایک غلام کو غلام کہہ سکتے تھے۔ جب اس غلام کے لفظ کو زید کیطرف نسبت کیا اور کہا غلام زید یعنی غلام زید کا وہ غلام کا لفظ خاص ہوگیا۔ زید ہی کے غلام کو غلام زید کہیں گے اور کسی کے غلام کو نہ کہینگے اور فارسی کی ترکیب میں مضاف کے آخر کسرہ علامت اضافت کی ہے جیسے غلام زید میں غلام کی میم کا کسرہ اور حذف کرنا اس کسرہ کا درست نہیں۔ مگر بعض الفاظ میں استادوں نے روا رکھا ہے جیسے لفظ صاحب اور لفظ سر ان دونوں لفظوں پر کسرہ پڑھنا فصیح ہے۔ جیسے صاحب دل اور سر پل پوشیدہ نہ رہے جس کلمے کے آخر ہائے مختفی ہو اور اس کلمے کو مضاف کریں تو متقدمین اسکے آخر سے کسرہ کا حذف کرنا مضائقہ نہیں جانتے تھے مگر متاخرین اسکو غیر فصیح سمجھتے ہیں۔ یاد رکھو کہ ہندی میں علامتیں اضافت کی تو ہیں۔ باعتبار تینوں قسم مضاف کے اور تینوں قسم مضاف الیہ کے تین قسم مضاف کے یہ ہیں۔ واحد مذکر اور جمع مذکر اور مونث اسی طرح مضاف الیہ ضمیر مخاطب ہو یا متکلم ہو جیسے من اور ما اور تو اور شما یا مضاف الیہ لفظ خود ہو یا خود کا مرادف ہو جیسے لفظ خویش یائے فوقانی کر خود کے معنے میں ہو یا مضاف الیہ کوئی اور لفظ سوا ان دونوں قسموں سے ہو اس تقریر سے ہر ایک قسم مضاف کی باعتبار تین قسم ہونے مضاف الیہ کے تین قسم ہوگا پس مضاف کی تینوں قسموں سے تو قسمیں ہوگئیں ہر ایک قسم کی ایک ایک علامت ہندی میں مقرر ہے ان لفظوں میں سے را اور یہ بیائے مجہول اور ری بیائے معروف اور نا اور نی بیائے مجہول اور نی بیائے معروف اور کا اور کے بیائے مجہول اور کی بیائے معروف سب اقسام مضاف کی اور مضاف الیہ کی اور علامتیں اضافت کی جو ہندی میں ہیں اور مثالیں ہر قسم کی اس جدول سے واضح ہونگی۔ جدول یہ ہے۔

اقسام مضاف / اقسام مضاف الیہ	من یا تو شما	خود خویش و مرادف خود	سوائے من یا تو شما خود خویش و مرادفش	
واحد مذکر	غلام من غلام تو غلام میرا غلام تیرا	غلام خود غلام خویش غلام اپنا نا	غلام زید غلام زید کا	کا
جمع مذکر	غلامان من غلامان تو غلام میرے غلام تیرے ے	غلامان خود غلامان خویش غلام اپنے نے	غلامان زید غلام زید کے	کے
مونث	کتاب من کتاب تو کتاب میری کتاب تیری ری	کتاب خود کتاب خویش کتاب اپنی نی	کتاب زید کتاب زید کی	کی

کسرہ آخر مضاف کا اگرچہ علامت اضافت کی ہے لیکن کئی مقام میں نہ پڑھنا چاہیے ان مقاموں سے ایک مقام

اضافت مقلوب کا بیان اضافت مقلوب اسے کہتے ہیں کہ مضاف الیہ مضاف کے اوپر مقدم ہو جیسے جہاں شاہ لفظ شاہ مضاف ہے مؤخر اور لفظ جہاں مضاف الیہ ہے مقدم اور معنے جہاں شاہ اور شاہ جہاں کے ایک ہیں دوسرا مقام وہ ہے کہ ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ ہو جیسے غلامش اور غلامت اور غلامم اس مقام میں آخر مضاف کے فتحہ پڑھنا واجب ہے جیسے غلام کا میم تینوں جگہ مفتوح ہے اور غلام مضاف ہے شین اور تائے فوقانی اور میم تینوں ضمیر مجرور مضاف الیہ ہیں تیسرا مقام وہ کہ آخر مضاف الیہ کے لفظ را علامت اضافت کی ہو خواہ مضاف الیہ متصل مضاف کے ہو خواہ فاصلے سے ہو خواہ آگے ہو خواہ پیچھے ہو جیسے غلام زید را اور زید را غلام اور زید را گفتم غلام اور تو غلام ہستی زید را ان سب مثالوں میں غلام مضاف ہے۔ اور زید مضاف الیہ ہے۔ اور لفظ را علامت اضافت کی ہے۔ پوشیدہ نہ رہے کہ اضافت کی علامتیں ہندی میں سب بیان ہو گئیں اور جب کہ تم فارسی عبارت کا ترجمہ ہندی میں کرو گے جس لفظ کے ترجمے کے ساتھ ان علامتوں میں سے کوئی علامت ہو تو بے شبہ جان لو کہ یہ مضاف الیہ ہے جیسے غلام زید ترجمہ اس کا غلام زید کا لفظ کا اضافت کی علامتوں میں سے آخر زید کے پایا معلوم ہوا کہ زید مضاف الیہ ہے۔ جب تم نے مضاف الیہ کو معلوم کر لیا مضاف کے معلوم کرنے کے واسطے مضاف الیہ کے ترجمے کے ساتھ جو علامت اضافت کی ہندی میں ہے ملا کے لفظ کیا بکاف تازی اس پر زیادہ کرو جو لفظ اس کا جواب اس عبارت میں ہو سکے وہی اس مضاف الیہ کا مضاف ہے خواہ مضاف الیہ کے متصل ہو خواہ فاصلے سے ہو خواہ آگے ہو خواہ پیچھے ہو جہاں کہیں ہو معلوم ہو جائیگا جیسے غلام زید میں معلوم کیا تھا کہ زید مضاف الیہ ہے جب ہم نے علامت اضافت کی اسکے ساتھ ملائی اور لفظ کیا بکاف تازی مکسور زیادہ کیا یعنی کہا کیا زید کا تو بیشک جواب اسکا غلام ہے معلوم ہوا مضاف غلام ہے۔ اسی طرح سے مال خود ترجمہ اسکا مال اپنا لفظ نا اضافت کی علامتوں میں سے خود کے ترجمے کے ساتھ پایا معلوم ہوا کہ لفظ خود مضاف الیہ ہے جب خود کے ترجمے کے ساتھ وہی لفظ نا ملا کے کیا بکاف تازی مکسور زیادہ کیا یعنی کہا کیا اپنا تو جواب اس کا لفظ مال ہوگا پس مال کو مضاف جانو اور مثلاً اس مصرع کے سمجھنے کو گنجیتم خاطر از شام درہم تو اے شام میری خاطر شام درہم سے مرتجم کے آخر جو میم ہے۔ اسکا ترجمہ ہوا میری بیائے معروف در آخر پس سبب لفظ رے کے کہ اضافت کی ہے معلوم کیا کہ وہ میم مضاف الیہ ہے جب ہم نے کہا میری کیا تو جواب اس کا ہوا خاطر معلوم ہوا کہ لفظ خاطر مضاف ہے اگرچہ مضاف الیہ کے بعد واقع ہو یا دیکھو کہ ضمیر مجرور متصل جو مضاف علیہ ہو ضرور نہیں کہ مضاف سے لگی ہوئی ہو اگر مضاف سے آگے یا پیچھے یا فاصلے سے اور کسی کلمے کے ساتھ لگی ہوئی ہو کچھ مضائقہ نہیں اور استادوں کی کلام میں بہت واقع ہے پوشیدہ نہ رہے

کہ اقسام اضافت کے معنے کی راہ سے بہت ہیں۔ انہیں سے کئی قسم اضافت کی کہ دریافت کرنا انکا ضروری ہے بیان کرتا ہوں ہیں یہ سب قسم یاد رکھو۔ ذکر اقسام اضافت۔ اضافت باعتبار معنے کے کئی قسم ہے اضافت تخصیصی ہے اور تملیکی ہے اور توضیحی ہے تعیینی ہے اور تشبیہی ہے اور ابنی ہے اور ظرفی ہے۔ اب ہر ایک کا بیان سنو اور خوب یاد رکھو۔ اضافت تخصیصی وہ ہے کہ مضاف خاص کیا جاوے واسطے مضاف الیہ کے جیسے یار من یار خاص میرا سردار من یعنی سردار خاص میرا۔ اضافت تملیکی وہ ہے کہ مملوک کو مالک کی طرف مضاف کریں۔ جیسے قصر شاہ مال بادشاہ اسپ امیر باغ وزیر لفظ قصر مملوک ہے اور مضاف ہے اور شاہ مالک ہے اور مضاف الیہ ہے اسی طرح سے مال بادشاہ اور اسپ امیر اور باغ وزیر۔ اضافت توضیحی وہ ہے کہ مضاف کو مضاف الیہ واضح کرے جیسے شہر بریلی لفظ شہر سے توضیح حاصل نہ تھی بریلی کے کہنے سے واضح ہوا کہ اس شہر کا ذکر ہے جسکا نام بریلی ہے اسیطرح سے دریائے گنگ اور کتاب گلستاں اور باد شمال اور درخت انار اور سنگ مقناطیس علی ہذا القیاس۔ اضافت تعیینی کہ جسکو بیانی کہتے ہیں۔ وہ ہے کہ مضاف الیہ بیان مضاف کا ہو جیسے میخ آہن معلوم نہ تھا کہ میخ کاہے کی ہے مضاف الیہ کے بیان کرنے سے معلوم ہوا کہ آہن کی ہے اسیطرح سے انگشتری طلا اور خشت نقرہ اور تخت چوب اضافت بیانی میں مضاف اور مضاف الیہ ایک جنس کے ہوتے ہیں جیسے میخ اور آہن ایک جنس ہیں۔ اضافت تشبیہی کا دریافت کرنا موقوف ہے اور دریافت کرنے تشبیہ کے تشبیہ کیا ہے۔ ایک چیز کو دوسری چیز کے مانند کرنا یعنی یہ کہنا کہ یہ چیز فلانی چیز جیسی ہے جیسے کہیں آنکھ نرگس جیسی ہے جسکو تشبیہ دیتے ہیں اسکو مشبہ اور جسکے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں اسکو مشبہ بہ کہتے ہیں جیسے آنکھ کا لفظ پہلی مثال میں مشبہ ہے اور جس چیز کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں اسکو مشبہ بہ کہتے ہیں جیسے نرگس کا لفظ اس مثال میں پوشیدہ رہتا ہے کہ اضافت تشبیہی یہ ہے مشبہ بہ کا مضاف کرنا ہے مشبہ کی طرف جیسے نرگس چشم نرگس مشبہ بہ ہے اور مضاف اور چشم مشبہ اور مضاف الیہ معنے اسکے یہ کہ آنکھ مانند نرگس کے ہے اسی طرح سے لعل لب یعنی لب سا لب ہے اور اسی طرح سیب زنخ اور لعل لب یعنی زنخ مانند سیب کے اور لب مانند لعل کے۔ اضافت ابنی وہ ہے کہ بیٹے کے نام کو باپ کے نام کی طرف مضاف کریں اور عربی میں ابن اور بن بیٹے کو کہتے ہیں جیسے عباس علی یعنی عباس ابن علی اور خالد ولید یعنی خالد ابن ولید۔ اضافت ظرفی اضافت مظروف کی ہے ظرف کی طرف ظرف دو قسم ہے ظرف مکان اور ظرف زمان چنانچہ اسکا بیان ہو چکا ہے مظروف اسے کہتے ہیں جو ظرف مکان میں یا ظرف زمان میں واقع ہو جیسے آب دریا آب مظروف مضاف دریا ظرف مکان مضاف الیہ اسی طرح ساکن شہر اور جیسے سردی زمستان لفظ سردی مظروف مضاف

زمستان ظرف زمان مضاف الیہ۔ اسی طرح گرمئ تابستان اگر مضاف اور مضاف الیہ میں کچھ لگاؤ حقیقت میں ہو۔ جیسے اضافت تملیکی میں لگاؤ ملکیت کا اور اضافت تخصیصی میں لگاؤ خصوصیت کا اور اضافت توضیحی میں لگاؤ توضیح کا اور اضافت بیانی میں لگاؤ تبیین کا اور اضافت تشبیہی میں لگاؤ تشبیہ کا اور اضافت ابنی میں لگاؤ ابنیت کا اور اضافت ظرفی میں لگاؤ ظرفیت کا تو اسکو اضافت حقیقی کہتے ہیں۔ اگر مضاف اور مضاف الیہ میں کچھ لگاؤ حقیقت میں نہ جیسے سر ہوش پائے فلک یعنی سر ہوش کا پاؤں فلک کا شاعر نے اپنے خیال میں ہوش اور فلک کو ایک شخص صاحب سر و صاحب قدم قرار دیا ہے۔ اور سر کو ہوش کیطرف اور قدم کو فلک کیطرف مضاف کیا ہے۔ حقیقت میں سر کو ہوش کیساتھ اور قدم کو فلک کیساتھ کچھ لگاؤ نہیں۔ اس اضافت کو مجازی کہتے ہیں اور اسی کو استعارہ بھی کہتے ہیں۔ اقسام استعارہ اور تشبیہ کے بہت ہیں۔ اس مختصر میں انکے بیان کی گنجائش نہیں صرف نام تشبیہ کا اور استعارہ کا لکھدیا ہے۔ فائدہ اگر مضاف کے اوپر ایک مضاف اور ہو اسکے ہندی ترجمہ میں ایک اور علامت اضافت کی موافق اوپر والے مضاف کی پہلی علامت کے بعد زیادہ کریں لیکن جہاں کہیں پہلی علامت کے آخر الف ہو۔ وہ الف یائے مجہول سے بدلنا چاہیئے جیسے برادر زید اور برادر من اور برادر خود ترجمہ اسکا بھائی زید کا اور بھائی میرا اور بھائی اپنا ان سب کے آخر الف ہے۔ جب ان پر ایک مضاف اور ہو جیسے غلام برادر زید برادر من غلام برادر خود ترجمہ ان کا یوں ہوگا غلام بھائی زید کے کا غلام بھائی میرے کا غلام بھائی اپنے کا پوشیدہ نہ رہے کہ مضاف اور مضاف الیہ ترکیب میں حکم ایک کلمے کا رکھتے ہیں۔

فصل دربیان مرکب وصفی

مرکب وصفی وہ ہے۔ کہ جسمیں ایک اسم موصوف ہو اور دوسرا اسم اسکی صفت ہو موصوف وہ ہے۔ کہ جسکی بھلی یا بری صفت کیجائے اور صفت وہ ہے۔ کہ جس سے بھلائی یا برائی موصوف کی دریافت ہو۔ پوشیدہ نہ رہے۔ فارسی میں مضاف اور مضاف الیہ کے پڑھنے میں اور موصوف اور صفت کے پڑھنے میں کچھ فرق نہیں وہاں مضاف کے آخر کسرہ پڑھتے ہیں۔ یہاں موصوف کے آخر جیسے مرد دانا لفظ مرد موصوف کسرہ مرکی دال کا علامت موصوف کی اور لفظ دانا صفت ہے اس موصوف کی اور کہتے ہیں متقدمین موصوف کے آخر یائے مجہول لکھا کرتے تھے کہ ترکیب وصفی اور ترکیب اضافی میں فرق ہو۔ متاخرین نے اسکو موقوف کیا لیکن بعض بعض کتاب فارسی کی چارسو یا پانچسو برس کی لکھی ہوئی دیکھنے میں آئی اسمیں آخر موصوف کی یائے مجہول نظر نہ آئی معلوم ہوا کہ آخر موصوف کے یائے مجہول لکھنا درست نہیں۔ ترکیب وصفی کے پہچاننے کے واسطے لازم ہے۔

کہ اگر موصوف واحد مذکر ہو تو لفظ کیسا اور اگر جمع مذکر ہو تو لفظ کیسے بیائے مجہول در آخر اور اگر مؤنث ہو تو کیسی بیائے معروف در آخر موصوف کیساتھ بڑھاؤ صفت کا کلمہ اس کا جواب ہوگا جیسے مرد دانا جب کہوگے کیسا مرد جواب اس کا دانا ہوگا۔ تو دریافت ہوا کہ یہ ترکیب صیفی ہے اور لفظ دانا صفت ہے اگر جواب درست نہ پڑتا تو جانتے کہ ترکیب اضافی ہے مخفی نہ رہے۔ اکثر صفت میں وہ اسم واقع ہوتا ہے کہ لغت بنانیوالے نے اسکو صفت کے معنے کیواسطے بنایا ہے۔ جیسے اسم فاعل اور اسم مفعول اور وہ اسم جس کے ہندی ترجمے میں لفظ والا آسکے جیسے نیک اور بد ترجمہ اس کا نیکی والا اور بدی والا اور مرد نویسندہ میں مرد موصوف نویسندہ صفت اسکی اسی طرح سے بخت برگشتہ اور مرد نیک اور کبھی اسم جنس بھی صفت واقع ہوتا ہے۔ وہاں بیشتر معنے تشبیہ کے ہوتے ہیں جیسے لب لعل لب موصوف لعل نام ایک جنس کا ہے جواہر کی جنسوں میں سے معنے اسکے لب کہ مانند لعل کے سرخ اور شفاف ہے۔ حقیقت میں لب موصوف اور مشبہ ہے لعل صفت اور مشبہ بہ ہے۔ پوشیدہ نہ رہے۔ کہ موصوف صفت کے اوپر اکثر مقدم ہوتا ہے جیسے مذکور ہوا۔ اور کبھی صفت کو موصوف کے اوپر لاتے ہیں۔ اس حالت میں کسرہ موصوف کے آخر پڑھا نہیں جاتا اس ترکیب میں معنے کیواسطے یہ دیکھنا ضرور ہے۔ کہ موصوف کسی اور ذات سے تعلق رکھتا ہے یا نہیں رکھتا۔ بذات خود قائم ہے۔ اگر تعلق کسی اور ذات سے نہیں رکھتا۔ بذات خود قائم ہے ترکیب کے الٹنے میں معنے نہیں بدلینگے۔ جیسے مرد نیک اور نیک مرد میں مرد موصوف ہے۔ بذات خود قائم اور نیک صفت ہے معنے دونوں کے ایک ہیں۔ اور موصوف بذات خود قائم نہیں۔ بلکہ تعلق اور کسی ذات سے رکھتا ہے۔ اس وقت یہ موصوف اور صفت اس ذات کی صفت ہونگے۔ کہ جس سے موصوف تعلق رکھتا ہے۔ جیسے روئے خوب رو موصوف اور خوب اسکی صفت ہے۔ جب ہمنے صفت کو موصوف کے اوپر مقدم کیا اور کہا خوب رو یہ لفظ خوبرو صفت اسکی ہوا۔ کہ جس سے رو تعلق رکھتا ہے یعنی خوبرو وہ شخص ہے۔ کہ جسکا رو خوب ہے۔ اور جیسے لعل لب کا لام آخر کا لعل کے مکسور نہیں۔ اس کو کہیں گے جسکا لب مانند لعل کے ہے۔ اور خوشخو وہ شخص ہے جسکی خو خوش ہے۔ اور نیک نیت وہ شخص ہے۔ کہ جس کی نیت نیک ہے۔ سروقد وہ شخص ہے۔ کہ جسکا قد سرو جیسا ہے آہوچشم وہ ہے۔ کہ جسکی چشم آہو جیسی ہے۔ یہ ترکیب فارسی میں بیشتر ہے۔ خیال میں رکھنا چاہیئے۔ مخفی نہ رہے کہ صفت کئی طرح آتی ہے۔ ایک تو یہ کہ صفت مفرد ہو۔ جیسے مرد دانا مرد موصوف دانا مفرد ہے اور صفت ہے۔ دوسرے یہ کہ صفت مرکب ہو۔ مرکب کے کئی نوع ہیں۔ ایک یہ کہ مرکب بترکیب اضافی ہو۔ جیسے

مرد دانائے زمان مرد موصوف دانا مضاف اور زمان مضاف الیہ دونوں ملکے صفت ہوئی موصوف کی اور جیسے یار دلفریب یعنی یار فریبندہ دلفریب یعنی فریبندہ مضاف دل مضاف الیہ دونوں ملکر صفت ہوئی موصوف کی دوسرے یہ کہ صفت مرکب وصفی الٹا ہوا ہو جیسے یار خوشخو یار موصوف خوشخو مرکب وصفی الٹا ہوا کہ جسکا ذکر ہو چکا ہے صفت ہے یار کی اسی طرح سے یار خوش تقریر تیسرے یہ کہ صفت الٹا ہوا جملہ اسمیہ بیانیہ ہو۔ وہ اس طرح ہے کہ جملہ اسمیہ بیانیہ میں سے کاف بیانیہ سر جملہ اور ضمیر کہ پھرتی ہے موصوف کی طرف یعنی لفظ او اور لفظ است کہ علامت جملہ اسمیہ کی ہے۔ یہ تینوں کلمے حذف کرکے مبتدا اور خبر کو مقلوب کریں یعنی الٹ دیں خبر کو مقدم کریں اور مسند الیہ کو مؤخر جیسے شہید تبسم وبیت عشوہ خون بہا تبسم دبیت جملہ اسمیہ بیانیہ الٹا ہوا صفت ہے شہید کی اسی طرح سے عشوہ خون بہا بھی اصل اسکی یہ ہے۔ شہید کہ دیت او تبسم است و خون بہائے او عشوہ است جب کاف بیانیہ سر جملہ او ضمیر او اور لفظ ست حذف کرکے مبتدا اور خبر کو الٹ دیا شہید تبسم دیت عشوہ خون بہا ہو گیا۔ یاد رکھو کہ صفت اور موصوف کے بیچ میں اور کوئی کلمہ فاصل نہیں ہوتا اس مثال میں کہ زید مرد لیست نیک لفظ نیک جسکو عطف بیان یا بدل کہا چاہیئے۔ مرد کے لفظ سے بدل کا اور عطف بیان کا مذکور اگلی فصل میں آویگا۔ مرد سے کو مبین کہو اور نیک لفظ مفرد اس کا بیان یا اصل اسکی یہ کہو زید مرد لیست کہ او نیک ست موافق فارسی کے قاعدے کے جملہ بیانیہ میں سے لفظ او کو مبتدا تھا۔ حذف کیا ہے۔ اسکے کاف بیانیہ اور لفظ است بھی دور کیا زید مرد لیست نیک رہ گیا۔ ترکیب یوں کہو۔ زید مبتدا مرد سے مبین اور نیک بیان اس کا مبین اور بیان ملکے خبر ہوا مبتدا اور خبر ملکے جملہ اسمیہ ہوا۔ اور لفظ است نشان ہے جملہ اسمیہ کا۔

فصل دربیان بدل ومبدل منہ

مبدل منہ وہ اسم ہے۔ کہ اسکے بعد ایک اسم اسکا بدل واقع ہوا اور معنی میں جو مقصود مبدل منہ سے ہے وہی بدل سے ہوتا ہے۔ اور ترکیب میں بدل اور مبدل منہ ملکے حکم ایک کلمے کا رکھتے ہیں جیسے آمد زید برادر تو زید مبدل منہ برادر تو بدل ہے اور مبدل منہ کو ملاکے فاعل سمجھو آمد کا اور جیسے شاہ عباس مبدل منہ اور عباس بدل اور آخر مبدل منہ کے کسرہ نہ پڑھا چاہیئے۔ شاہ عباس میں شاہ کی ہے کو مکسور پڑھنا غلط ہے بدل مبدل منہ میں اور صفت موصوف میں یہی فرق ہے۔ مبدل منہ کا آخر مکسور نہیں پڑھتے موصوف کا پڑھتے ہیں۔ بعضے بدل کو عطف بیان کہتے ہیں۔ اور بعضے بدل میں اور عطف بیان میں فرق کرتے ہیں

کہ بدل اور مبدل منہ میں مقصود مبدل منہ نہیں صرف بدل ہی ہوتا ہے اور عطف بیان میں دونوں
مقصود ہوتے ہیں جیسے امام حسن علیؑ اسد اللہ است اسد اللہ عطف بیان ہے علی کا اور مقصود علی کے
لفظ سے بھی ہے اور اسد اللہ کے لفظ سے بھی یعنی امام میرا دہ علیؑ ہے کہ جسکا خطاب اسد اللہ ہے۔

فصل در بیان مستثنیٰ و مستثنیٰ منہ

مستثنیٰ وہ اسم ہے کہ بعد لفظ استثنا کے واقع ہو۔ فارسی میں استثنیٰ کا لفظ مگر اور جز ہے اور عربی میں لفظ
الّا ہے کہ فارسی میں بھی مستعمل ہے استثنا کے معنے الگ کرنا ایک چیز کا کئی چیزوں میں سے یا الگ کرنا ایک شخص
کا مجمع سے جیسے پس جو شخص الگ کیا گیا ہو اُسے مستثنیٰ کہتے ہیں۔ اور جس میں سے مستثنیٰ کو الگ کرتے ہیں، اُس کو
مستثنیٰ منہ کہتے ہیں مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ ملکے حکم ایک کلمے کا رکھتے ہیں جیسے آمدند ہمہ دوستان مگر زید
آئے سب دوست مگر زید یعنی زید نہیں آیا۔ اور جیسے زدم ہمہ دشمناں را مگر زید را ترجمہ مارا میں نے سب
دشمنوں کو مگر زید یعنی زید کو نہیں مارا۔ زید پہلی مثال میں دوستوں سے الگ ہو گیا کہ سب آئے یہ نہیں آیا
اور دوسری مثال میں سب دشمنوں سے الگ ہوا کہ سبکو مارا اسکو نہیں مارا ترکیب اسکی یہ ہے۔ فعل مگر لفظ
استثنیٰ زید مستثنیٰ اور ہمہ دوستان مستثنیٰ منہ پس مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ ملکے مجموع فاعل ہوا۔ آمدند کا پس فعل فاعل
کیساتھ ملکے جملہ فعلیہ ہوا۔ دوسری مثال کی ترکیب یہ ہے۔ زدم فعل با فاعل مگر لفظ استثنیٰ کا زید مستثنیٰ اور ہمہ
دشمناں مستثنیٰ منہ پس مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ ملکے مجموعہ مفعول ہوا فعل کا فعل با فاعل مفعول کیساتھ ملکے جملہ فعلیہ
ہوا اور جیسے آمد قوم جز زید یہاں قوم مستثنیٰ منہ اور زید مستثنیٰ ہے۔ اور کبھی مستثنیٰ منہ محذوف بھی ہوتا ہے
جیسے نیامد بمن جز زید یعنی نیامد کس بمن جز زید ترجمہ نہ آیا کوئی میرے پاس سوا زید کے لفظ زید مستثنیٰ
اور کسے مستثنیٰ منہ محذوف ہے۔ اور جیسے نزدم جز زید یعنی نزدم کسے را جز زید ترجمہ نہ مارا میں نے کسی
کو سوائے زید کے کسے را مستثنیٰ منہ محذوف ہے۔ اور زید مستثنیٰ ہے۔

فصل در بیان اسمائے اشارات

اسمائے اشارات وہ اسم ہیں کہ بنا کیا ہے انکو اس واسطے کہ انسان ان اسموں کے ساتھ اشارہ الیہ
محسوس کی طرف اشارات ساتھ اعضا کے کرے محسوس وہ ہے جو دیکھا بھالا جائے یا سنا جائے و مشار الیہ وہ ہے
کہ جسکی طرف اشارہ کریں چنانچہ لفظ آں کے واسطے دور کے اشارت کی ہے جیسے آں کس آں اسم اشارت اور کس
مشار الیہ اور لفظ ایں واسطے نزدیک کے اشارت کے جیسے ایں مرد ایں اسم اشارت مرد مشار الیہ

پوشیدہ نہ رہے۔ کہ ضمیر غائب میں اور اسم اشارات اول میں یہ فرق ہے کہ ضمیر غائب کی اشارت طرف محسوس کے اور مشاہدہ عضو کے نہیں بلکہ اشارت طرف معنی کے ہے۔ وہ معنی کہ پیشتر مذکور ہو چکے ہیں اور اسم اشارت کی اشارت بخلاف اسکے ہے۔ جیسا کہ معلوم کیا تمنے مخفی نہ رہے۔ کہ اسم اشارت اور مشارٌ الیہ ملکے حکم ایک کلمے کا رکھتے ہیں جیسے بزن این دیوار۔ ترکیب اسکی بزن فعل با فاعل این اسم اشارت دیوار مشارٌ الیہ اسم اشارت ساتھ مشارٌ الیہ کے ملکے مفعول ہوا اور لفظ را علامت مفعول کی ہے فعل با فاعل مفعول کیساتھ ملکے جملہ فعلیہ ہوا۔ اور چنان اور چنین اصل میں چون آن و چون این ہے۔ چون کلمہ تشبیہ کا آن اور این اسمائے اشارات ہیں۔ اکثر بعد چنان اور چنین کے جملہ بیانیہ ہوتا ہے۔

فصل در بیان جار مجرور

جار عربی میں وہ حرف ہیں۔ کہ جس اسم پر آتے ہیں۔ اور اس اسم کو جو دیتے ہیں جر کہتے ہیں زیر کو زیر بیائے تحتانی اور جار کے معنے زیر کے دینے والا اور جس اسم کو زیر دیتے ہیں اسکو مجرور کہتے ہیں ان حرفوں کے فارسی ترجمے کو بھی جار کہتے ہیں۔ وہ حرف فارسی میں یہ ہیں۔ (۱) برائے (۲) بہر (۳) پے بمعنی برائے ان تینوں حرفوں پر لفظ از بھی زاید آتا ہے جیسے از برائے خدا و از بہر من اور از پے تو (۴) جز اس حرف پر کبھی بائے موحدہ بھی زاید ہوتی ہے۔ جیسے بجز تو (۵) چو اور چون کہ تشبیہ کے معنی میں ہو (۶) بائے موحدہ (۷) در اور اندر (۸) بر (۹) از (۱۰) تا (۱۱) با (۱۲) را۔ وہ کہ برائے کے معنے میں آوے اور جار مجرور تعلق رکھتے ہیں فعل سے یا فعل کے شبہ سے فعل کا شبہ مصدر اور اسم فاعل اور اسم مفعول صفت ہے۔ صفت وہ اسم ہے کہ وہ صفت میں کسی شے کے پائی جیز کے کہ سکیں جیسے نیک اور بد اور خوب اور زبون اور مانند ان کے مثال جار اور مجرور کی یہ ہے۔ آمدم برائے تو ترکیب اسکی یہ ہے۔ آمدم فعل با فاعل اور برائے جار اور تو مجرور جار اور مجرور متعلق فعل کے فعل با فاعل ساتھ متعلق کے ملکے جملہ فعلیہ ہوا۔ اسیطرح جیسے نیستم جز تو اور کالیے وارستم چیز اور رستم و جار زار اور نشستم تجنت اور رفتم از دہلی تا دہلی اور خدا را بر من ببخشا ترکیب اسکی یہ ہے ببخشا فعل با فاعل جار لفظ خدا مجرور اور دیر بر جار من موصوف مسکین صفت صفت اور موصوف ملکے مجرور ہوئے جار کے جار اور مجرور متعلق ہوئے فعل کے فعل با فاعل ساتھ مفعول اور متعلق کے ملکے جملہ فعلیہ ہوا۔ اور زید نوشتہ است بقلم ترکیب اسکی یہ ہے زید مبتدا نوشتہ خبر است نشان جملہ اسمیہ کا بائے موحدہ جار قلم مجرور جار مجرور متعلق نوشتہ کے شبہ فعل کا ہے۔ مبتدا اور خبر ملکے جملہ اسمیہ ہوا۔ یاد رکھو کہ جار اور مجرور ملکے حکم ظرف کا رکھتے ہیں فاعل

اور مفعول اور مضاف الیہ اور مبتدا اور خبر نہیں ہو سکتی۔ پوشیدہ نہ رہے جس عبارت میں جار اور مجرور ہوں
فعل اور شبہ فعل کا نہ ہو وہاں فعل کو یا فعل کے شبہ کو پیدا کرتے ہیں۔ ع بنام جہاندار جان آفریں۔ اسمیں
جار مجرور ہیں فعل اور شبہ فعل کا نہیں یہاں سر مصرع ابتدا میکنم مقدر کرتے ہیں۔ اور جار اور مجرور کو اسکے
متعلق کہتے ہیں۔ اور جیسے زید درخانہ است یہاں لفظ ثابت کہ اسم فاعل عربی کا ہے پیدا کرتی ہیں اصل اسکی
یوں ہے۔ زید درخانہ ثابت ست ترکیب اسکی یہ ہے۔ زید مبتدا اور جار خانہ مجرور ست نشان جملہ اسمیہ کا
جار اور مجرور متعلق ثابت کے ہوکے خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا ساتھ خبر کے ملکے جملہ اسمیہ ہوا فائدہ کبھی جار اور چون بمعنے مثل
کے مضاف ہوتے ہیں۔ اور ترکیب میں مانند اسم کے مبتدا اور خبر اور فاعل و مفعول ہوتے ہیں جیسے زید چون شیر ست
یعنی زید مانند شیر ست زید مبتدا چون بمعنے مانند مضاف شیر مضاف الیہ دونوں ملکے خبر ہوئی مخفی نہ رہے جار
اور مجرور جسکے متعلق ہوتے ہیں۔ اسکے جار اور مجرور کے معنے آپس میں مرابط ہوتے ہیں اگر مرابط نہ ہوں تو جانو
کہ جار اور مجرور اسکے متعلق نہیں۔ اس صورت میں اور کوئی فعل یا شبہ فعل کا پیدا کرکے اسکے متعلق کرو معنے مربوط ہو

فصل در بیان موصول صلہ

موصول وہ اسم ہے ناتمام کہ جب تک اسکے بعد ایک جملہ مذکور نہو اس قابل نہیں مبتدا ہو یا خبر ہو یا فاعل
اور مفعول اور مضاف الیہ ہو اسکے جملہ کا نام ہے صلہ موصول کا اس جملے کے سر پر کاف فضل کاف بیانیہ کے
یا لفظ جو ہوتا ہے۔ کہ اس کو کاف صلہ یا کاف سر جملہ کہتے ہیں اسلئے موصول ہیں آنکہ آنانکہ ہر کہ ہر کہ پہلے دو
کلمے واسطے اشخاص کے ہیں آنچہ ہر آنچہ ہر چہ یہ تینوں کلمے جیم فارسی والے واسطے اشیا کے ہیں اور یہ لئے مجہول کہ
آخر کسی اسم نکرہ کے اوپر لفظ آں ہو اور بعد اس اسم کے کاف صلہ کا ہو وہ بھی موصول ہے ع آنکس کہ در گشت
باز آمد پیش و۔ اور صلہ میں ایک ضمیر بھی ہوتی ہے۔ کہ موصول کی طرف پھرتی ہے۔ پوشیدہ نہ رہے۔ آں جو
موصول کا ہے اسکے اور یائے موصول کے معنے ایک ہیں اور آنانکہ واسطے جمع کے لاتے ہیں۔ مثالیں سب کی بیان
کرتا ہوں۔ اور ایک مثال کی ترکیب بیت آنکہ در آدم دمیدہ روح را وہ داد از طوفان نجاتے نوح را
ترکیب اس کی یہ ہے۔ آں موصول کاف صلہ کا دمیدہ فعل ماضی قریب ضمیر اسمیں کہ پھرتی ہے موصول
کی طرف فاعل ہے فعل کا روح مفعول لفظ را علامت مفعول کی در جار آدم مجرور
متعلق فعل کے فعل ساتھ فاعل اور مفعول اور متعلق کے مل کے جملہ فعلیہ ہو کے
صلہ پڑا موصول کا موصول ساتھ صلہ کے مل کے مبتدا ہوا۔ دوسرا مصرع

جملہ ہو کہ خبر ہوا مبتدا اسکا تو خبر کے ملکے جملہ اسمیہ ہوا اسی طرح ترکیب ان مثالونکی بیتوں کی سمجھو ابیات

آنانکہ خاک را بہ نظر کیمیا کنند	آیا بود کہ گوشۂ چشمے بما کنند	ہر آنکہ تخم بدی کشت و چشم نیکی داشت
دماغ بیہودہ پخت و خیال باطل بست	ہر کہ آمد عمارت نو ساخت	رفت و منزل بدیگری پرداخت
آنچہ او گفت دیگراں کردن	نیست سودا بجز زیاں کردن	ہر آنچہ کرمی بایدت پیش گیر
سر ما نداری سر خویش گیر	آنکس کہ مرا کشت باز آمد پیش	مانا کہ دلش سوخت بر کشتۂ خویش
کسے کاتش ظلم زد در جہاں	برآورد از اہل عالم فغاں	کسانیکہ زیں راہ برگشتہ اند
برفتند و بسیار سرگشتہ اند	غریبی کہ پر فتنہ باشد سرش	میازار و بیروں کن از کشورش

کبھی موصول کو حذف بھی کرتے ہیں چنانچہ ابو جعفر ندکے جیسے اکیہ اصل میں تھا اے آنکہ آنکو حذف کیا جیسے خمسہ

ایکہ در ذات خویش منفردی	بصفات کمال متحدی	پیش در فتنہ ام بچارہ پدی	یا حبیب اللہ خدا بیدی
مالمجزی سواک مستندی			

اور ہر کو مخفف ہر آنکہ کا ہے اور ہر چہ مخفف ہر آنچہ کا ہے مخفی نرہے کہ صلہ میں ضمیر کبھی فاعل واقع ہوتی ہے۔ اور کبھی مفعول اور کبھی مضاف الیہ کبھی مبتدا ان سب میں ضمیر فاعل کی تو حذف نہیں ہوتی اکثر اور ضمیر ونکو حذف کرکے موصول کو اس کے قائم مقام رکھتے ہیں اگر ضمیر مفعول کیساتھ لفظ را کہ نشان مفعول کا ہو تو وہ لفظ را بھی مفعول کیساتھ لگا دیتے ہیں ضمیر فاعل کی مثال پچھلے بیتوں میں گذری۔ **مثال ضمیر صلہ کہ مبتدا محذوف است** آنکہ ستمگار ست گنہگار ست اصل اسکی آنکہ او ستمگار ست گنہگار ست لفظ او مبتدا ہے۔ کہ حذف کیا اور موصول کو قائم مقام رکھا۔ اور ستمگار خبر یہ جملہ صلہ ہوا اور موصول ساتھ صلہ کے ملکے مبتدا ہوا اور گنہگار خبر **مثال ضمیر صلہ کہ مفعول ست محذوف** **بیت** آنرا کہ فلک بہ بند عشق نشانند خاک دوست را بپالیں بنخوانند۔ اصل اسکی آنکہ او را فلک بر مسند عشق نشاند۔ ترکیب اسکی یہ ہے۔ کہ آں موصول کاف صلہ کا نشاند فعل فلک فاعل او ضمیر مفعول لفظ را نشان مفعول کا ضمیر مفعول کو یعنی لفظ او کو حذف کیا موصول کو اسکے قائم مقام کیا یعنی مفعول قرار دیا اور لفظ را نشان مفعول کا اسکے ساتھ لگا یا بائے موحدہ جار مسند مضاف عشق مضاف الیہ مضاف اور مضاف الیہ ملکے مجرور ہوئے جار کے جار مجرور متعلق نشاند کے نشاند فعل ساتھ فاعل و مفعول و متعلق کے ملکے جملہ ہوکے صلہ ہوا موصول کا موصول ساتھ صلہ کے ملکے مبتدا ہوا۔ دوسرا مصراع جملہ ہو کے خبر ہوا **مثال ضمیر صلہ کہ مضاف الیہ ست محذوف** **بیت** کسے را کہ اقبال باشد غلام ٭ بود بر طاعت مدام اصل

اسکی یہ ہے کسی کہ اقبال غلام او باشد کسیکہ موصول کاف صلہ کا باشد فعل ناقص چاہتا ہے اسم کو اور خبر کو اقبال اسکا اسم غلام مضاف ضمیر او مضاف الیہ ضمیر مضاف الیہ کو یعنی لفظ او کو حذف کرکے موصول کو اسکے قائم مقام کیا یعنی مضاف الیہ غلام کا قرار دیا جبکہ مضاف اور مضاف الیہ میں فاصلہ واقع ہوا موافق قاعدہ فارسی کے لفظ را نشان مضاف الیہ کا آخر موصول کے لگایا یہ مضاف اور مضاف الیہ ملکے خبر ہوئی فعل ناقص کی فعل ناقص اسم اور خبر کیساتھ ملکے جملہ فعلیہ اور بقول بعضے جملہ فعلیہ ہوکے صلہ ہوا موصول کا موصول صلے کے ساتھ ملکے مبتدا ہوا اور دوسرا مصرع جملہ ہوکے خبر پڑا اسی طرح سے یہ بیت کسی را گردن کشی در سر است تواضع از دیافتن خوشتر است. اصل اسکی کسی کہ گردن کشی در سر دست و لفظ سر مضاف ضمیر او مضاف الیہ ہے سو اسکو حذف کیا موصول مضاف الیہ سر کا ٹھہرا مضاف جو مضاف الیہ سے دور پڑا اسلیئے لفظ را نشان مضاف الیہ کا موصول کے آخر لگایا کسے را ہوگیا. گردن کشی مبتدا در جار سر مجرور جار اور مجرور متعلق ثابت کے ہوکے خبر پڑی مبتدا کی مبتدا خبر کیساتھ ملکے جملہ اسمیہ ہوکے صلہ ہوا موصول کا موصول صلے کیساتھ ملکے مبتدا ہوا دوسرا مصرع اسکی خبر ہے یعنی یاد رکھو کہ موصول صلے کیساتھ ملکے حکم ایک کلمے کا رکھتا ہے موصول کے مبتدا ہونیکی مثالیں مذکور ہوئیں وہ مثال کہ جسمیں موصول فاعل ہے یہ ہے آمد آنکہ او دوست نست آمد فعل آں موصول کاف صلے کا او دوست نست صلہ ہے موصول او صلہ ملکے فاعل ہوا. آمد کا اور وہ مثال کہ جسمیں موصول مفعول ہے یہ ہے یافتم آنرا کہ می جستم یافتم فعل با فاعل آں موصول کاف صلے کا می جستم صلہ موصول صلہ کیساتھ ملکے مفعول ہوا یافتم کا اور وہ مثال جسمیں موصول مضاف الیہ ہے یہ ہے آمد غلام آنکس نامش زید است آمد فعل غلام مضاف آں موصول کاف صلے کا نامش زید است جملہ صلہ پس موصول ساتھ صلے کے ملکے مضاف الیہ ہوا غلام کا مضاف ساتھ مضاف الیہ کے ملکے فاعل ہوا آمد کا اور وہ مثال کہ جسمیں موصول خبر ہے یہ ہے یار آنست کہ وفا می دارد. یار مبتدا آں موصول کاف صلے کا وفا می دارد فعل با فاعل صلہ ہوا موصول کا موصول اپنے صلے کیساتھ ملکے خبر ہوئی مبتدا کی لفظ است نشان جملہ اسمیہ کا مبتدا خبر کیساتھ ملکے جملہ اسمیہ ہوا.

فصل دربیان عدد و معدود

عدد گنتی کو کہتے ہیں. اور جس چیز کو گنتے ہیں. اس کو معدود کہتے ہیں جیسے صد روپیہ صد عدد ہے اور روپیہ معدود ہے. عدد اور معدود ملکے حکم ایک کلمے کا رکھتے ہیں جیسے ہزار روپیہ بخواہم ہزار روپیہ مفعول ہے بخواہم فعل با فاعل حقیقت میں عدد صفت ہوتا ہے معدود کا اکثر مقدم آتا ہے معدود پر جیسے

ہزار روپیہ یعنی ایسے روپے کہ ہزار ہیں اگر صفت اور موصوف کیجیے جب بھی حکم ایک کلمے کا رکھتے ہیں۔
ہندی کو سو تک گنتی ہندی اور فارسی کی یاد کرنا ضروری ہے سوا اس جدول میں مندرج ہے
فائدہ عدد کے لکھنے کیواسطے رقوم کی ہندی کی نو شکلیں مقرر ہیں وہ یہ ہیں ایک سے نو تک

ایک १	دو २	تین ३	چار ४	پانچ ५	چھہ ६	سات ७	آٹھ ८	نو ९

اور ان رقموں میں لکھنے کے لئے مرتبے مقرر ہیں جس مرتبے کی رقم ہو اس مرتبے میں لکھنا چاہیے اور جونسا مرتبہ خالی رقم سے ہو وہاں نقطہ کو اسکو صفر کہتے ہیں لکھنا چاہیے مرتبے اعداد کے بے نہایت ہیں تھوڑے سے ہندی کیواسطے لکھتا ہوں زیادہ اس سے حساب کی کتاب میں دیکھ لیگا۔

۱	از یک تا نہ	آحاد
۲	از دہ تا نود	عشرات
۳	از صد تا نہ صد	مآت
۴	از ہزار تا نہ ہزار	الوف
۵	از دہ ہزار تا نود ہزار	عشرات الوف
۶	از لک تا نہ لک	لکوک
۷	از دہ لک تا نود لک	عشرات لکوک
۸	از کرور تا نہ کرور	احاد کرور
۹	از دہ کرور تا نود کرور	عشرات کرور
۱۰	از ارب تا نہ ارب	احاد ارب
۱۱	از دہ ارب تا نود ارب	عشرات ارب
۱۲	از کرب تا نہ کرب	احاد کرب
۱۳	از دہ کرب تا نود کرب	عشرات کرب
۱۴	از نیل تا نہ نیل	احاد نیل
۱۵	از دہ نیل تا نود نیل	عشرات نیل
۱۶	از پدم تا نہ پدم	احاد پدم

۱۷ از دہ پدرم تا نود پدرم		عشرات پدرم		
یک ایک	دو دو	سہ تین	چہار چار	پنج پانچ
شش چھ	ہفت سات	ہشت آٹھ	نہ نو	دہ دس
یازدہ گیارہ	دوازدہ بارہ	سیزدہ تیرہ	چہاردہ چودہ	پانزدہ پندرہ
شانزدہ سولہ	ہفدہ سترہ	ہژدہ اٹھارہ	نوزدہ انیس	بست بیس
بست و یک اکیس	بست و دو بائیس	بست و سہ تیئس	بست و چہار چوبیس	بست و پنج پچیس
بست و شش چھبیس	بست و ہفت ستائیس	بست و ہشت اٹھائیس	بست و نہ انتیس	سی تیس
سی و یک اِکتیس	سی و دو بتیس	سی و سہ تینتیس	سی و چہار چونتیس	سی و پنج پینتیس
سی و شش چھتیس	سی و ہفت سینتیس	سی و ہشت اڑتیس	سی و نہ انتالیس	چہل چالیس
چہل و یک اِکتالیس	چہل و دو بیالیس	چہل و سہ تینتالیس	چہل و چہار چوالیس	چہل و پنج پینتالیس
چہل و شش چھیالیس	چہل و ہفت سینتالیس	چہل و ہشت اڑتالیس	چہل و نہ انچاس	پنجاہ پچاس
پنجاہ و یک اِکاون	پنجاہ و دو باون	پنجاہ و سہ ترپن	پنجاہ و چہار چون	پنجاہ و پنج پچپن

پنجاہ و شش چھپن	پنجاہ و ہفت ستاون	پنجاہ و ہشت اٹھاون	پنجاہ و نہ انسٹھ	شصت ساٹھ
شصت و یک اکسٹھ	شصت و دو باسٹھ	شصت و سہ ترسٹھ	شصت و چہار چونسٹھ	شصت و پنج پینسٹھ
شصت و شش چھیاسٹھ	شصت و ہفت سڑسٹھ	شصت و ہشت اڑسٹھ	شصت و نہ انہتر	ہفتاد ستر
ہفتاد و یک اکہتر	ہفتاد و دو بہتر	ہفتاد و سہ تہتر	ہفتاد و چہار چوہتر	ہفتاد و پنج پچھتر
ہفتاد و شش چہتر	ہفتاد و ہفت ستتر	ہفتاد و ہشت اٹھتر	ہفتاد و نہ اناسی	ہشتاد اسی
ہشتاد و یک اکاسی	ہشتاد و دو بیاسی	ہشتاد و سہ تراسی	ہشتاد و چہار چوراسی	ہشتاد و پنج پچاسی
ہشتاد و شش چھیاسی	ہشتاد و ہفت ستاسی	ہشتاد و ہشت اٹھاسی	ہشتاد و نہ نواسی	نود نوے
نود و یک اکانوے	نود و دو بانوے	نود و سہ ترانوے	نود و چہار چورانوے	نود و پنج پچانوے
نود و شش چھیانوے	نود و ہفت ستانوے	نود و ہشت اٹھانوے	نود و نہ ننانوے	صد سو

ایک سو کو یکصد دو سو کو دو صد تین سو کو سہ صد کہتے ہیں۔ اور دس سو کا ہزار ہوتا ہے اسی طرح یک ہزار دو ہزار سہ ہزار اور گنتی میں پہلے ہزار پھر سینکڑے پھر عدد جدول میں سے لکھنا پڑھنا چاہئیے۔ جیسے یک ہزار و یکصد و سی و یک یعنی ایکہزار ایکسو اکتیس۔

فصل دربیان عطف و معطوف و معطوف علیہ

معطوف وہ کلمہ اور کلام ہے۔ کہ حرف عطف کے بعد واقع ہو اور معطوف علیہ وہ کلمہ اور کلام ہے۔ کہ حرف

عطف سے قبل واقع ہو کلمے کا عطف کلمے پر ہوتا ہے۔ اور کلام کا کلام کے معنے پھیرنا معطوف کا بسبب حرف عطف کے معطوف علیہ کی طرف یعنی معطوف کو معطوف علیہ کے حال پر عطف کا شریک کرنا اور حروف عطف کا واو ہے جس کا ترجمہ اور جیسے آمد زید و بکر آمد فعل زید اسکا فاعل واو عطف کا بکر بھی بسبب عطف کے فاعل ہوا آمد کا فاعل سے ملکر فاعل کے ملکے جملہ فعلیہ ہوا یہ عطف کلمے کا کلمے پر ہوا اور کلام کا عطف کلام پر اس مثال میں ہے آنکہ دانش کریم ست و لطفش عمیم خداوند است آنکہ موصول دانش کریم جملہ اسمیہ صلہ موصول کا اور واو عطف کا لطفش عمیم بھی جملہ اسمیہ بسبب عطف کے صلہ ہوا موصول کا موصول ساتھ صلہ کے ملکے مبتدا ہوا۔ خداوند است اسکی خبر مبتدا ساتھ خبر کے ملکے جملہ اسمیہ ہوا۔ ترکیب میں جو حال معطوف علیہ کا ہوتا ہے وہی معطوف کا ہوتا ہے۔ اور لفظ ہم اور نیز اور یا اور نون نفی بھی حروف عطف کہتے ہیں جیسے آمد زید عمرو نیز بکر ہم اور جیسے آمد زید یا عمرو اور جیسے نہ زید آمد نہ عمرو اور جیسے در اینجا کسے نیامد نہ زید نہ عمرو ؂

باب سوم در ذکر معانی حرف مفردہ و حرف مرکبہ و معنی بعضے از کلمات

اس باب میں کئی فصلیں ہیں

فصل در معانی حروف مفردہ

الف وہ ہے۔ کہ ہمیشہ ساکن ہو اور اسکے پڑھنے میں آواز کو پیچش نہ ہو اگر متحرک ہو یا اسکے پڑھنے میں آواز کو پیچش ہو تو وہ ہمزہ ہے۔ کہ اصل میں ہمزہ تھا الف ہے سے بدل ہو کے ہمزہ ہو گیا۔ اور ہمزے کو حرف میں الف بھی کہتے ہیں۔ اور الف کئی معنوں کیواسطے آتا ہے۔ اس جدول میں سے دریافت کرو۔

الف

تعداد	معنے	موقع	مثال
۱	برائے ندیا	آخر اسما	خدایا پادشاہا یعنے اے خدا اے پادشاہ
۲	برائے دعا	در مضارع قبل حرف آخر	کنارو رسا و بوا مخفف اس کا بادی لنگسا یعنی کرنا و رسا دہیا
۳	بمعنی فاعل	آخر صیغہ امر حاضر معروف	دانا بینا شکیبا یعنی داننده بیننده شکیبنده
۴	بمعنے واو عطف	در دو کلمہ مترادف	تنگا پو یعنی تگ و پو و لگا دو یعنی تگ و دو یعنی دوڑ دھوپ
		در دو کلمہ غیر مترادف	رستا خیز یعنی رست و خیز یعنی جینا اور اٹھنا۔
۵	برائے کثرت	در آخر صفت	خوشا یعنی بسیار خوش و بدا یعنی بسیار بد۔

تعداد	معنے	موقع	مثال
۶	زائد	آخر ماضی مطلق	گفتا بمعنے گفت و رفتا بمعنے رفت۔
״	״	آخر صیغہ دعا	بادا بمعنے باد و شوادا بمعنی شواد
״	״	آخر اسماء	شب ہا ز مجد و مشا طالبے جیفہ دینوی وتنگ ست یعنے طالب
״	״	اوّل اسماء	اسکندر بمعنے سکندر اشتلم بمعنے شتلم سکندر وشتلم اس الفکو حرکت ابتدا کی دینے ہیں
״	״	اوّل بعض حروف	ابر وا با اور ابی بمعنی بر و با اور بے کے معنی نفی ست
۷	برائے درازی آواز	آخر اسماء	درود ریغا دا غوثا واحسرتا۔
۸	برائے تعجب یعنے تعجب	درود کلمہ مکرر	دوشادوش لبالب یعنی دوش بدوش پیوستہ لب تا لب۔

ب

تعداد	معنے	موقع	مثال
۱	برائے اتصال یعنی ساتھ	اوّل اسماء	آشنائی بتو چہ درد ست یعنے آشنائی ساتھ تیرے۔
۲	بمعنی در	״ ״	افتم بپائے تو کہ بخشی خطائی من یعنے در پائے تو۔
۳	״ مع	״	بیا کہ دل بعجب لذتی ہم آغوش ست یعنے با عجب لذتی
۴	״ بر	״	جانم بلب رسید بجاناں خبر کنید یعنے بر لب رسید
۵	״ برائے	״	بطواف کعبہ رفتم بحرم رہم ندادند یعنے برائے طواف کعبہ
۶	״ از	״	جمال دوست ندیدن نمیشود آخر یعنے از دیدن نمیشود آخر
۷	״ را	״	دادہ اند آنچہ بما کاشکے از ما بگیرند یعنی آنچہ مارا دادہ اند
۸	״ سبب	״ ہ	بجرم دوستیت کشتند و غم نیست۔ یعنی بسبب جرم دوستی تو
۹	״ مدد	״	تازہ ہی سازم بناخن تازہ داغ خویش را یعنی بمدد ناخن
۱۰	״ موافق	״	نقش در آتش دل بالا گداخت مرا کہ چنین بر اوّل ساخت یعنی موافق مراد دل تو۔
۱۱	״ نزدیک	״	یارب تو مرا بیار دمساز رسان یعنی نزدیک یار دمساز
۱۲	״ وسیلہ	״	عصیان مرا و نصف کن درجات بصفی حسنؑ بخشش بصفی حسینؑ
״	و طفیل	״	یعنی بوسیلہ و طفیل حسنؑ و حسینؑ
۱۳	״ قسم	״	بخدائے کریم عزوجل یعنی قسم میخورم بخدائے عزوجل

تعداد	معنے	موقع	مثال
۱۴	برائے ابتدا	اول اسماء	بنامِ جہاندار جان آفریں یعنی ابتدا میکنم بنامِ جہاندار جان آفریں
۱۵	، مقابلہ و معاوضہ	،	پدرم روضۂ رضوان بدو گندم بفروخت یعنی بعوض دو دانۂ گندم
۱۶	، پیوستگی	درمیان دو کلمۂ مکرر	دمبدم ساعت بساعت بافزون جاہ تو یعنی دم بپیوستہ دم ساعت پیوستہ بساعت
۱۷	بمعنے برابر و مانند	اول اسماء	بصورت تو بتی کشتر آفرید خدا یعنی برابر مانند صورت تو
۱۸	، لائق	،	صاحب کنونکہ در دیدہ مان نماندہ است یعنی لائق دیدن
۱۹	برائے تفسیر در	،	بدریا در منافع بیشمار است یعنی در دریا
۲۰	، ،	،	چوں تاختن رستم سکزی بسپہر یعنی بر سپہر
۲۱	بمعنے پیش	،	کر پائے خاطر در آید بسنگ۔ یعنی بسنگ در آید
۲۲	، سے	،	بگردن فتد سرکش تند خو یعنی بر خ گردن گردن کے بل
۲۳	، اضافت	،	ور زرداری بامحتاج یعنی محتاج زرداری یعنی زر کا محتاج نہیں ہے تو
۲۴	، طرف	،	من بقبلہ راہم تو روبدیوار یعنی بطرف قبلہ و بطرف دیوار
۲۵	زائد	بر اسم	آں قطرہ ام کہ موج بدور افگند مرا یعنی دور افگند مرا
،	،	بر حرف	نخواہم بدانم بجز نام تو یعنی جز نام تو
،	،	بر افعال	بپرداس ہے کہ مقصود ہم بجو بدا مقصود ہم ہے۔
،	،	،	بپرورد جز مقصود ہم نہ ہو تو کسو پیش ہے۔

ت

تعداد	معنے	موقع	مثال
۱	برائے خطاب حاضر	آخر کلمہ	کبھی مضاف الیہ ہوتی ہے جیسے بانت ایہم از بر رحمت یعنی بر مہربانی کبھی فعل کی لفع ہوتی ہے جیسے وا وحشت زیادہ رفت ازم یعنی وا ذہم زیر آزادی کے ہا ہواویں نے پر زیادہ کرو جیسے خانات الفت با دو بلکہ تحتانی زیادہ کرو جیسے صفات اور بیت اور کبھی یائے تحتانی نہیں زیادہ کرتے ہیں۔ سو بہم پانچ نزدیک ایجاد ہو واو مسند اسکے آخر زیادہ کرکے پڑھتے ہیں۔ تو فاعل بھی اور مبتدا بھی اور خبر بھی اور مضاف الیہ

تعداد	معنے	موقع	مثال
۲	بمعنی خود	آخر اسم	بھی ہوتا ہے۔ جیسے آدمی تو تو کجائی زید تو لی غلام تو از بار گہرت مرانم اے شاہ۔ یعنی از بارگاہ خود
۳	زائد	ایضاً	جیسے بالش بالشت
			چ
۱	برای سبب	سر جملہ	این طعام نخوردم چہ بی مزہ بود یعنی نہ کھایا میں نے اس سبب سے کہ بیمزہ تھا
۲	״ استفہام	اکثر سر جملہ	چہ گفتی کیا کہا تو نے چیستی کیا ہے۔ تو چہ الست کیا حال ہے۔
۳	״ تعظیم	سر کلمہ	چہ قیامت ست جاناں کہ بعاشقاں نمودی یعنی کیا بڑی قیامت ہے۔
۴	״ تحقیر	״	چہ باشیم وچہ باشد دل غم پرور ما یعنی ما چہ حقیر باشیم ودل ما چہ حقیر باشد۔
۵	بمعنی ہر چیز	متصل بلفظ ہر یا شد	زینت خود ساخت دولت ہرچہ را رو کرد وفقر۔ مشعل شاہ از کہن دلق گدایاں روشن ست یعنی ہر چیز را رو کردہ۔
۶	״ ״	سر کلمہ	چہ باشد بیسر بودی فرست۔ یعنی بیستر باشد۔

د

علامت مصادر کی اور امر غائب کی اور نہی غائب کی ہے۔ آخر کلمے کے آتی ہے اور ما قبل مفتوح ہوتا ہے فارسی میں دال مہملہ اور ذال معجمہ میں فرق ہے اگر ما قبل اسکے حرف صحیح ساکن ہو تو دال ما قبل اسکے حرف علت ساکن ہو یا حرف صحیح متحرک ہو تو ذال معجمہ ہے

تعداد	معنے	موقع	مثال
			ش
۱	ضمیر غائب	آخر کلمہ	کبھی مفعول ہوتا ہے جیسے دوستش آمدم انعامش دادم ما قبل اس کا مفتوح ہوتا ہے مگر کاف بیانی ما قبل اسکے ہو تو مکسور پڑھو جیسے کُشش اگر یہ دال کلمے کے بعد ہو تو بعد اسکے ہمزہ مفتوح زیادہ کرو جیسے خانۂش نشانۂش کبھی مضاف الیہ ہوتا ہے جیسے غلامش اگر مضاف وہ کلمہ ہو کہ جسکے آخر الف یا واو ہو تو بعد الف کے یا واو کے یائے تحتانی مفتوح زیادہ کرکے شین سے ملا کر پڑھتے ہیں جیسے خویش بویش صفایش جفایش اور کبھی یائے تحتانی مفتوح نہیں بھی لاتے ہیں پڑھتے ہیں خوش بوش صفاش جفاش

تعداد	معنے	موقع	مثال
۳	بمعنے حاصل مصدر زائد	بعد صیغہ امر حاضر معروف آخر کلمہ	جیسے کوشش کشش یعنی کوشیدن و کشیدن ماقبل شین مصدری کا صیغہ بکثرت ہوتا ہے خوردش آمد یعنی خورد آمد

ک

تعداد	معنے	موقع	مثال
۱	برائے علت و سبب	در میان دو جملہ	بر ورت آمدم کہ لطف کنی یعنی بر درت آمدم بدین سبب کہ لطف کنی
۲	" بیان	سر جملہ بعد مبین	دل کہ بردی آنچنان ای آن اول مبین است کاف بیانیہ سر جملہ بیان۔
		بر جملہ مقولہ	گفتم کہ گلی بچینم از باغ یعنی گفتم اینکہ گلی بچینم از باغ۔
		بعد موصول مثل جملہ	ای آنکہ بجانب خویش باشید و لای۔ آں موصول و کاف صلہ
		" " محذوف	ای کہ بردی دلم کجا رفتی یعنی ای آنکہ بردی دلم کجا رفتی
۳	برائے مفاجات یعنی ناگاہ و دفعتاً یک	در میان دو جملہ	بودیم بیخبر کہ سپاہ عدو رسید۔ یعنی ناگاہ و دفعتاً یک۔
۴	برائے عطف	"	ای بسا اشتہا کہ بہانہ لنگ جان منزل رسید یعنی اشتہا و خران لنگ منزل رسید
۵	برائے ربط	بر جملہ معترضہ کہ در درجملہ دیگر باشد	دل کہ لطف و وفا بود من مجروح را پارہ کردند ندانستند آن معشوق را لطف و وفا بود جملہ معترضہ با کاف بیانیہ۔
	برائے استفہام بمعنے کدام	ایک جملہ کا ہوتا ہے	اگر جملہ اسمیہ ہو تو کاف استفہام کا خبر ہوتا ہے جیسے تو چہ کسی یعنی تو کیستی یہاں کاف استفہام کا خبر سبب علامت جملہ اسمیہ کے اگر جملہ فعلیہ ہو تو فاعل ہوگا جیسے کہ آمد یا مفعول ہوگا جیسے کرا زدی کلمہ زدن فعل یا فاعل کا فاستفہام کا مفعول ہے۔ نفذار انشان مفعول کا استفہام کیسے ہے پوچھنا ایک بات کا دو تین طرح کا ہے ایک استفہام اقراری ہے کہ جس سے اقرار لیا جاتا ہے جیسے بیت۔ وہیں بزم تو آثار دو ناشاد کہ بودہ من نبودم ہدف وکی بیاد کہ بود ترجمہ ایک رات تیری مجلس میں آئی وہ دو ناشاد کون تھا جس نے تا شانہ ظلم کا کون نشانہ کلام سے لوازم عالم ہو آپ کہتا ہے تیری مجلس میں آئی وہ دو ناشاد و ناشاد ہم کا ہی تھا۔ دوسرا استفہام انکاری [illegible] بیاد بیدکہ [illegible] سفر نیست [illegible] تفصیل عاشق [illegible]

تعداد	معنے	موقع	مثال
			قصد پر کمر باندھی واسطے مارنے مسکین کے کمر باندھی اس کلام سے انکار نکلا کہ سفر کے قصد پر کمر نہیں باندھی تیسرے استفہام اخباری وہ ایک بات کا پوچھنا ہے۔ نہ اقرار ہے نہ انکار جیسے شعر لالہ رخا سمن برا سرو روان کیستی ٭ سنگدلا ستمگرا آفت جان کیستی ٭ یعنی پوچھتا ہے شاعر اے لالہ رخ سمن بر سرو روان یعنی معشوق کس کا ہے۔ تو اے سنگدل اے ستمگر آفت جاں کس کا ہے تو۔
۷	بمعنے بلکہ	درمیان جملہ	اس کاف کے باعث پہلے جملے سے دوسرا جملہ ترقی رکھتا ہے جیسے بیت نہ من آن گل عارض غزل سرایم و بس ٭ کہ عندلیب تو از ہر طرف ہزار اند ٭ فقط میں ہی اس گل رخسار پر غزل خواں نہیں ہوں بلکہ بلبل تیرے عاشق ہر طرف سے ہزاروں ہیں۔ دوسرے مصرعہ کی ترقی ظاہر ہے۔
	بمعنے از	بر اسم بجائے از	ترک احسان خواجہ اولیٰ تر ٭ کہ احتمال جفائے بوابان یعنی از احتمال جفائے بوابان یعنی دربانان
۹	برائے تصغیر و زائد نیز	آخر اسم	تاقبل اس کاف کا مفتوح ہوتا ہے جیسے بیا اور بچک اور طفل اور طفلک مرد اور مردک سپر اور سپرک چون زلو و زلوک۔
۱۰	بمعنی ہر کہ	بر سر کلمہ از کلمات جملہ	وگر کشور آباد بیند بخواب ٭ کہ دارد دل اہل کشور خراب ٭ یعنی ہر کہ دل اہل کشور خراب دارد کشور آباد نہ بیند ٭
۱۱	برائے تائید مانند کاف علت	درمیان کلام	محبت کے زود گر استخوانم توتیا گردد ٭ کہ از سائیدن صندل کجا نقصان شود بو را ٭ ترجمہ محبت کب جائے اگرچہ استخوان سرمہ ہو جاویں کیو واسطے کہ صندل کے گھسنے سے بو کا نقصان نہیں ہوتا اس کاف سے پہلے بات کی تائید ہوئی
۱۲	برائے تشبیہ بمعنے چنانکہ	درمیان کلام	چنان بخورد زندگی خام را ٭ کہ زنگی خورد مغز بادام را ٭ ترجمہ ایسا کھا جاتا ہے سکندر بچے زندگی کو جیسے زنگی کھاوے مغز بادام کو دوسرے مصرعہ میں تشبیہ ہے۔ پہلے مصرع کی۔
۱۳	زائدہ	درمیان کلام	مولانا روم فرماید۔ گر چنین بنماید وگہ ضد این۔

تعداد	معنے	موقع	مثال
۱۳	زائد	درمیان کلام	چنانکہ حیرانی نباشد کار دین یعنے چہ حیرانی نباشد کار دین۔
۱۴	برائے تردید بمعنی یا	دو کلمہ	جیسے زید آمد کہ عمرو یعنی زید آمد یا عمرو۔
			م
۱	ضمیر متصل متکلم	آخر کلمہ	ترکیب میں کبھی فاعل ہوتا ہے جیسے کردم کیا میں نے آمدم آیا میں اور کبھی مفعول ہوتا ہے جیسے چہ فراہم کیا فرماتے ہے تو مجھکو اور کبھی مضاف الیہ ہوتا ہے یا بعد مضاف کے جیسے غلامم غلام میرا یا قبل مضاف کے جیسے قول سعدی شیرازی ز لالہ مرداں آن ہاک لوم چہ انگیختم خاطر از شام و رومم از انگیختم کے آخر کا میم مضاف الیہ خاطر کا یعنے خاطرم از شام و روم برانگیخت کبھی میم بعد فعل کے پیوستہ فعل سے مضاف الیہ کا قبل فعل کے ہوتا ہے۔ بیت بتان دغا دشمن و ہمرت ازیں زندگی دل بر داشتندم یعنے دل ازیں زندگی بر داشتند کبھی اس میم کو حذف بھی کرتے ہیں۔ بیت گفتم کہ گلے بچینم از باغ چو گل بدیدم دست شد بوئے۔ یعنی مست شدم بوئے۔
۲	بمعنی خود	آخر کلمہ	بلطفم بخواں یاراں ازدرم راندہ ام بجز آستانت سرم یعنی سر خود
۳	برائے نہی	اول صیغۂ امر حاضر	جیسے کن مکن ہوا۔ یہ میم ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے۔
	،	، مضارع و دعا	جیسے رساد مرساد و باد مباد و کناد مکناد
	تعین عدد	آخر عدد	جیسے یکم دوم سوم یہ میم ساکن ہوتا ہے۔ اور قبل اس کا مضموم۔
			ن
	برائے نفی	بر ماضی و مضارع مستقبل و حال	نخورد نخند نخواہد کرد نکند۔ یہ نون ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے۔
	نہی	بر امر غائب	نباید کہ نکند نباید کہ نکردہ شود یہ نون بھی ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے
۳	، استفہام	اول کلمہ	استفہام اقراری۔ بیت غلامی سگشتش سر وستہ باکہ گر ایستہ نہ گفتم اینجا چہ یعنے گفتم استفہام استجاری جیسے کسی سے پوچھو نیں طعام نمیخوری یعنے نہیں کھاتے۔ یہ نون ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اگر نون کو علیحدہ لکھیں تو چاہئے کہ مختلی۔

تعداد	معنے	موقع	مثال
۳	برائے استفہام	اوّل کلمہ	آخر کو زیادہ کریں جیسے نہ اور نے یائے مجہول یائے تحتانی سے بدل ہوتی ہے، اور فتح نون کے کسرے سے جیسے نی کو مفرد بھی لاتے ہیں مگر اس سے کلام استفہام کی نفی مراد ہو جاتی ہے جیسے زید در خانہ است۔ نی نی بسفر رفتہ
۴	،، مصدر	آخر کلمہ بعد تائے فوقانی یا دال	جیسے رفتن اور آمدن یہ نون ساکن ہوتا ہے۔
۵	،، نسبت	آخر اسم	جیسے زرین منسوب بزر اور چوشن منسوب بچوش یعنی حلقہ بھی کہتے ہیں کہ یہ نون مخفف آں کا ہے۔ کہ واسطے نسبت کے ہے۔
۶	زائد	آخر کلمہ	جیسے پاداش پاداشن بیاز بیازن مدن چون چونن پالن پالان مع نون معنے طرف ۱۲

بیان واؤ

واؤ اصل وہ ہے کہ جزو کلمہ کا ہو، دو قسم ہے ملفوظی اور غیر ملفوظی ملفوظی وہ ہے کہ پڑھنے میں آئے جیسے ان کلموں میں خورد خورش وخویش وخواجہ وخود اور غیر ملفوظی وہ ہے کہ پڑھنے میں نہ آئے وہ بھی دو قسم ہے معروف اور مجہول معروف جیسے طور اور مجہول جیسے اور جیسے زور اور شور میں وہ واؤ ملفوظی کہ جزو کلمے کا نہ ہو اسکے کئی معنے ہیں۔

معنے واؤ

تعداد	معنے	موقع	مثال
۱	برائے عطف	درمیان معطوف ومعطوف علیہ	جیسے آمد زید و عمرو، آیا زید اور عمرو واؤ عطف کا زید معطوف علیہ اور عمرو معطوف حال معطوف اور معطوف علیہ کا ایک ہوتا ہے۔
۲	،، لزوم	درمیان لازم وملزوم	بیت: گر دعوتم رد کنی ور قبول، من و دست و دامان آل رسول ۔ دست اور دامان آپس میں لازم وملزوم ہیں۔
۳	،، استبعاد	درمیان دو کلمہ باہم بعید از یکدیگر باشند	بیت: من و انکار شراب این چہ حکایت باشد، ظاہرا این قدرم عقل وکفایت باشد۔ درمیان من و انکار شراب استبعاد ہے یعنے دوری تفاوت بسیار
۴	،، تصغیر	آخر کلمہ	جیسے پسرو اور پسرو یعنے پسر خورد
۵	بمعنے حال	درمیان دو جملہ	زدم زید را و پدرش ایستادہ بود یعنی زدم زید را در حالیکہ پدرش ایستادہ بود
۶	زائد	سر کلمہ	جیسے لیک ولیک، لیکن ولیکن

بیان ہا

ہا دو قسم کی ہے. ملفوظی اور مختفی. ملفوظی وہ جزو کلمے کا ہو اور پڑھنے میں آوے جیسے گرہ اور زرہ میں اور جمع میں برقرار برقرار رہتی ہے جیسے گرہہا اور زرہہا اور کاف تصغیر کے ملنے سے مفتوح ہوتی ہے جیسے گرہک زرہک اور اضافت میں مکسور ہوتی ہے جیسے گرہِ من زرہِ من. مختفی وہ ہے کہ پڑھنے میں نہ آوے جیسے جامہ اور خامہ میں جمع میں حذف ہو جاتی ہے جیسے جامہا اور خامہا اور کاف تصغیر کا جو آخر کو لاویں. تو وہ کاف فارسی سے آتی ہے جیسے جامگک خامگک اگر الف نون سے جمع کریں یا یائے مصدری لگاویں جب بھی کاف فارسی سے بدل ہوگی جیسے پیادگان درندگان اور آزردگی و افسردگی و ہائے مختفی کہ جزو کلمے کا نہ ہو. اسکے کئی معنے ہیں۔

معنے ہا

تعداد	معنے	موقع	مثال
۱	برائے نسبت	آخر اسماء	دندانہ منسوب بدندان دستہ منسوب بدست اسیطرح یکسالہ منسوب بیکسال یک ماہہ منسوب بیک ماہ اسی طرح سے یک روزہ یک شہرہ جیسے
۲	بمعنے است	آخر ماضی مطلق	آمدہ بمعنے آمدہ است رفتہ بمعنے رفتہ است۔
۳	برائے اظہار فتحہ	آخر کلمہ	جیسے جامہ. خامہ. بندہ. شگوفہ
	زائد	”	ریچال. ریچالہ. پیسر پیسرہ. اچار اچارہ. سنجار سنجارہ. گلگون گلگونہ

یائے تحتانی معروف

تعداد	معنے	موقع	مثال
۱	برائے خطاب واحد حاضر	آخر فعل	جیسے کردی کیا تو نے آمدی آیا تو۔
۲	برائے نسبت	آخر اسما	باد بہاری یعنی باد منسوب ببہار. اسپ عربی و جوز ہندی۔
۳	بمعنے مصدر	آخر اسم فاعل و آخر مجموع لفظی	بخشندگی و افسردگی یعنی بخشندہ شدن و افسردہ شدن غریب نوازی و زر ریزی یعنی نواختن غریب و ریختن زر۔
۴	برائے لیاقت	آخر مصدر فارسی	جیسے کشتنی یعنی قابل کشتن و نواختنی یعنی قابل نواختن
۵	برائے فاعلیت	آخر اسم	گشتی یعنی گشت کنندہ و کسبی یعنی کسب کنندہ اگر یائے فاعلیت یا یائے نسبت گرفتہ شود. گشتی منسوب بگشت و کسبی منسوب بکسب

یائے مجہول

تعداد	معنے	موقع	مثال
۱	برائے تنکیر یعنے نکرہ کردن	آخر اسم	جیسے آخر کسی کا یعنے کس غیر معین یا نکرہ غیر معین کو کہتے ہیں۔ چنانچہ مقدمہ میں اس کا بیان ہو چکا ہے۔
۲	برائے توحد یعنے یک	〃	جیسے بزرگی و عزیزی فرمودہ یعنی یک بزرگ و یک عزیز
۳	برائے تعظیم	〃	〃 فلاں مردیست یعنے مرد بزرگ است۔
۴	برائے استمراری	آخر ماضی	〃 کردی میکردی دمیکردی کرتا وہ اسی طرح سے گفتی کہتا وہ
۵	برائے تعریف		یہی یائے مجہول ہے اسکے بعد کاف صلے کا اور جملہ صلہ کا ہوتا ہے جیسے بیت سعدی حسود یکہ خیانت ندید ہو بکارش بناید چو گندم چلیپد حسود نکرہ تھا یائے مجہو اور صلہ سے معرفہ ہو گیا اور جیسے مردیکہ دانشم حاصل شد یعنے مرد معین

فائدہ، آٹھ حرف مخصوص عربی کے ہیں فارسی میں نہیں آتے وہ یہ ہیں۔ ث ح ص ض ط ظ ع ق لفظ شصت اصل میں شست تھا اور لفظ صد ستہ سین کو صاد سے بدلا اور چار حرف مخصوص فارسی کے ہیں عربی میں نہیں آتے وہ یہ ہیں۔ پ چ ژ گ اگر لاتے ہیں عربی میں تو پ کو ف سے چ کو صاد سے گ کو حکم تازی سے بدل کے لاتے ہیں

فصل در ذکر تبدیل حرف مفرد بہ حرف دیگر

جس حرف کو بدلتے ہیں اسکو مبدل منہ کہتے ہیں اور جس حرف سے بدلتے ہیں اسکو بدل کہتے ہیں مبدل سے مع مثال دریافت کرو

مبدل منہ	بدل	مثال		معنے	مثال		معنے
الف	دال مہملہ	بایں	بدیں	درد گر بدیں ... از قوم	ہال	بدان	معروف
	بائے تحتانی	اگدش	بگدش	دادرش از قوم باشد	ارمغاں	یرمغاں	تحفہ
بائے موحدہ	فا	زبان	زفان	معروف	زبانہ	زفانہ	شعلہ
〃	واؤ	خواب	خواو	معروف	آب بزرگ	آو بزرگ	معروف
〃	میم	غژب	غژم	دانہ انگور			
فارسی	فا	سپید	سفید	معروف	پارسی	فارسی	معروف
	بائے موحدہ	پردہ	بردہ	نام شہر			

مبدل منه	بدل	مثال		معنی	مثال		معنی
تای فوقانی	دال	دستاس	دسداس	چکی	بت	بد	معروف
״	طای مهمله	ستبر	سطبر	پرکار	توتیا	طوطیا	سرمه
״	مثلثه	کیومرت	کیومرث	نام بادشاه	تنک	ثنک	بت
ثای مثلثه	تای فوقانی	حلتیث	حلتیت	هینگ	کثیرا	کتیرا	نام صمغی از گیاه
جیم تازی	زای تازی	رجه	رزه	ریسمان محکم از لیف خرما	چوجه	جوزه	بچه مرغ
״	زای فارسی	کج	کژ	معروف	لجن	لژن	گل سیاه یعنی گاره
״	شین معجمه	کاج	کاش	درختیست و بمعنی کاشکے	کنگاج	کنگاش	بمعنی مشورت
״	کاف فارسی	اخیشنج	اخیشنگ	عنصر			
״	تای فوقانی	تاراج	تارات	لوٹ			
״	شین معجمه	لخچه	لخشه	شعله آتش	کاچی	کاشی	ظرف سفالین که روغن بیگچه دارد
جیم فارسی	زای فارسی	پاچنگ	پاژنگ	دریچه و یا پوشش	چندل	صندل	چوب معروف
״	صاد مهمله	چین	صین	نام ملک			
״	ها	ججیر	هجیر	نام پهلوان ایرانی	خاک	هاک	معروف
خای معجمه	غین معجمه	سیخ	سیغ	چوب راست مثل الف	تاخ	تاغ	نام درختے که آتش چوب آن دیر ماند
״	قاف ترکی	چقماخ	چقماق	آتش زن			
دال مهمله	تای فوقانی	دراج	تراج	تیتر	کدخدا	کتخدا	صاحب خانه
	ذال معجمه	آدر	آذر	آتش			
ذال معجمه	دال مهمله	استاذ	استاد	اخوند	نبیذ	نبید	شراب
رای مهمله	لال	رخ	لخ	حصه پشت و نام گیاه	خیار	خیال	ککڑی
	جیم فارسی	پزشک	پچشک	طبیب و حکیم			
	جیم تازی	پوزش	پوجش	عذر	آویز	آویج	امر از آویختن
زای معجمه	غین معجمه	گریز	گریغ	امر از گریختن	آمیز	آمیغ	امر از آمیختن

مبدل منہ	بدل	مثال		معنے	مثال		معنے
زای معجمہ	سین مہملہ	آپار	آپاس	نام غلام محمود	آنگز	آنکس	کچک فیلبانان
	ہا	آماس	آماہ	ورم	خروس	خروہ	مرغا
	صاد مہملہ	شست	شصت	ساٹھ	سد	صد	سو
	جیم فارسی	خروس	خروچ	مرغا			
سین مہملہ	جیم تازی	ریواس	ریواج	نام میوہ ترش مزہ			
	شین معجمہ	پاپوس	پاپوش	جوتا	فرستہ	فرشتہ	معروف
	شین مہملہ	شار	سار	مار بزرگ	شارک	سارک	مینا
شین معجمہ	جیم فارسی	پاشان	پاچان	پاشیدہ			
	جیم تازی	کاش	کاج	معنے کاشکے درخت صنوبر			
صاد مہملہ	سین مہملہ	صماخ	سماخ	پردہ گوش	قفص	قفس	پنجرا
غین معجمہ	کاف فارسی	لغام	لگام	معروف	غلیواز	گلیواز	چیل
	قاف ورترکی	چاغ	چاق	روئے خاشیہ زین اسپ	ایاغ	ایاق	پیالہ
قاف	کاف تازی	تریاق	تریاک	نام دوا	ترقیدن	ترکیدن	پھٹنا
	کاف فارسی	خانقاہ	خانگاہ	عبادت خانہ			
فا	غین معجمہ	قالیچہ	غالیچہ	نوعی از فرش معروف	قلندر	غلندر	درویش
	واؤ	فام	دام	رنگ	فرنج	ورنج	زشت وکریہ کفل اسپ
	خائے معجمہ	شاماک	شاماخ	سینہ بند زنان وغلہ معروف	شاماکچہ	شاماخچہ	سینہ بند زناں
کاف تازی	غین معجمہ	گلولہ	غلولہ	غلیلہ	گلیواز	غلیواز	چیل
	غین معجمہ	پرکالہ	پرغالہ	پارۂ ہر چیز	کرگاؤ	غرغاؤ	سرگاٹے
کاف فارسی	جیم	لگام	لجام	معروف	گیلان	جیلان	نام شہر
لام	دال مہملہ	اورنگ	اورند	تخت	آرنگ	آرند	آلکسی
	رائے مہملہ	زلو	زرو	جونک	پرکالہ	پرکارہ	پارۂ ہر چیز

مبدل منہ	بدل	مثال		معنی	مثال		معنی
میم	نون	کجیم	کجین	پاکھر گھوڑے کی	بام	بان	معروف
	لام	نیلوفر	بیلوفر	پہلا نام کنول کا ہے	چندن	چندل	چوب معروف
نون	بای موحدہ	نوشتہ	بنشتہ	معروف			
	بای فارسی	دام	پام	رنگ			
واؤ	فا	یاوہ	یافہ	گم شدہ و بیہودہ			
	حای حطی	ہیز	حیز	نامرد			
ہا	جیم	باہ	باج	معروف	ناگاہ	ناگاج	یکایک
	بہمزہ و یای	خانہ	خانئن	معروف	خامہ	خامۂ تو	معروف
کاف عجمی در بعض	جیم در بعض جا	خامہ	خامگ	معروف	دیوانہ دیوانگی	دیوانگان	معروف
و بعض حرف ہا	و انگریزی	یوسف	جوسف	نام پیغمبر	یونس	جونس	نام پیغمبر

پوشیدہ نہ رہے جس جس مقام میں استادوں نے ان حرفوں کو بدلا ہے انہیں مقاموں میں بدلنا درست ہے۔ اس قیاس پر ہر ایک جگہ بدلنا درست نہیں ہے

فصل در معنی حروف مرکب کہ درین جدول مرقوم میگردد

تعداد	حرف	معنی	مثال	تعداد	حرف	معنی	مثال
۱	از	برائے ابتدائے زمان	از صبح تا شام یعنے از ابتدائے صبح	۴	"	زائد	از پی تو یعنی برائے خدا و بہر من و پئے تو
۲	"	برائے ابتدائے مکان	از خانہ تا بازار رفتم یعنی از ابتدائے رفتم خانہ او ست انتہا تا بازار	۱	در	برائے ظرفیت	مال در کیسہ دارم و نظر در کتاب مال و نظر ہر دو مظروف اند و کیسہ و کتاب ہر دو ظرف اند
۳	"	بمعنی بعض در حکم اسم	اگر رفتم از و در ایشم یعنی اگر رفتم بعض در ایشم از بمعنی بعض مضاف در اسم مضاف الیہ دونوں ملکے مفعول	۲	"	زائد بر افعال	در افگند ۔ در ساز
۴	"	زائد	از برائے خدا از بہر من	۳	"	بمعنی اسمیت تجنیس یا تشبیہ	بدریا یعنے بدریا

تعداد	حروف	معنے	مثال	تعداد	حرف	معنے	مثال
۱	بر	بمعنی بالا	بر بام رفتم و بر تو دعوی دارم	۳	"	برائے تشبیہ	رویت چوں ماہ
۲		زاید بر افعال	بر انداخت بر افگن	۱	چو	برائی شرط	چو با آمدی ماجرا در نوشت
۳	"	زاید بر اسم کے پڑے		۲	"	تشبیہ	چو گلبن بخندد چو بلبل بگوئی
		با تم موحد باشد	بہ پسر یعنی بر پسر	۱	بی	برائی نفی اسم کے	بے عقل و بے خرد
۱	را	نشان مفعول	نام زید را زید مفعول است نشان مفعول			صفت بناشد	یعنے لفظ عقل و خرد صفت کرام موصوف نمے تواند شد
۲	"	نشان	زید را غلام یعنی غلام زید	۱	نا	نفی صفت کند	نا عاقل و نا خردمند
	"	مضاف الیہ	زید مضاف الیہ است نشان مضاف الیہ	۱	نہ و نی	برائے نفی	نہ مرا یار و نے مدد گار ست
۳	"	معنے برائے	عذر را بیجا یعنے برائے خداد	۱	ہرگز	" تاکید	ہرگز مباد
			چرا یعنی برائے چہ	۱	اگر و گر	" شرط	گر نشینی و بر نخیزی
۴	"	گاہی بمعنی از	قضا را یعنی از قضا		ار و ور		جائے نشست
۱	با	برائے معیت	آمدم با زید یعنے	۱	مگر	برائے استثنا	ہمہ یاراں آمدند مگر زید
۲		یعنی ہمراہی	ہمراہ زید	۲	"	بمعنی شاید	بیہودہ میگوئی مگر دیوانہ
۱	تا	برائی ابتدا	تا عشق آمد عقل رفت	۱	اے	برائے ندا	اے دوست اگر جان
			یعنی از ابتدائی آمد عشق				طلبی جاں بتو بخشم
۲	"	برائے انتہا	از صبح تا شام	۱	ہمی	بمعنی استمرار	میکرد ہمی کرد
			یعنی انتہا تا شام		"	بر مضارع بر کمال	
۳	"	بمعنے ہنگام جبتک	تا جہاں باشد تو باشی	۱	ہم و نیز	برائے عطف	زید آمد ہم بکر خالد نیز
۴		بمعنی سبب چرا	بیا تا ترا خدمت کنم	۱	کاش کاشکے	" تمنا	کاش بیائی
۵	"	" زینہار	زصاحب غرض تا سخن نشنوی		کاج		کاشکے عدو بمیرد
			یعنی زینہار نشنودی	۱	آیا	برائی استفہام	آیا کسے ہست کہ جوانمردی کند
۱	چوں	برائے شرط	چوں پیر شدی حافظ از میکدہ بیرون		یا	" تردید در میاں	زید آمد یا عمرو زید
۲	"	" استفہام	ندانند مشطلبان چوں گذشت			ازاں متحقق بود	نشستہ است یا رفت

تعداد	حروف	معنے	مثال	تعداد	حروف	معنے	مثال
۱	لیکن ولیکن	برائے استدراک یعنی واسطے دور کرنے اس	جیسے زید نشست است لیکن عمرو رفت زید اور عمرو کا نشست بین اتفاق ہوتا تھا	۱	لیک ولیک	وہم کے دفع کرنے والا کہ پچھلی بات سے پیدا ہو	زید نشست لیک ... بیٹھ گیا لیکن وہم ہوا کہ عمرو بھی بیٹھا ہوگا اس وہم کے دور کرنے کو کہا لیکن عمرو رفت

پوشیدہ رہے کہ جس اسم پر بعض حرف ان حرفوں میں سے آتا ہے۔ اگر وہ اسم مفرد ہے یعنی اور کسی اسم سے لگاؤ نہیں رکھتا تو اس اسم کے آخر اور اگر وہ لگاؤ رکھتا ہے جس جگہ لگاؤ تمام ہو اس جگہ ہندی ترجمے میں ایک کلمہ ہندی کا واسطے اس حرف کے مخصوص ہے چنانچہ اس جدول میں پہلے ہر سطر کے وہ حرف اور اسکے بعد سرخی پر وہ کلمہ ہندی کا کہ واسطے اس حرف کے مقرر ہے۔ بعد اسکے مثال اسم مفرد کی اور کسی اسم سے لگاؤ نہ رکھتا ہو اور بعد اسکے مثال اسم مرکب کی کہ کسی اور اسم سے لگاؤ رکھتا ہو اور ان مثالوں کا ترجمہ سرخی سے ہر ایک مثال کے نیچے لکھا ہے ہندی دریافت کرے کہ کام کی بات ہے۔

حرف	کلمہ ہندی	مثال اسم مفرد	مثال اسم مرکب بیک اضافت	مثال اسم مرکب بدو اضافت
از	سے	از خانہ گھر سے	از خانہ زید گھر زید کے سے	از خانہ برادر زید گھر بھائی زید کے سے۔
برائے واسطے	کے	برائے خدا واسطے خدا کے	برائے بندگان خدا واسطے بندوں خدا کے	برائے خاطر بندگان خدا واسطے خاطر بندوں خدا کے
ب واسطے ساتھ	کے	بخدا واسطے خدا کے	بہ بندگان خدا واسطے بندوں خدا کے	بخاطر بندگان خدا واسطے خاطر بندوں خدا کے
چو چوں	کے	چوں ماہ مانند چاند کے	چوں نور ماہ مانند نور چاند کے	چوں نور ماہ آسمان مانند نور آسمان چاند کے
جز سوا	کے	جز زید سوا زید کے	جز غلام زید سوا غلام زید کے	جز برادر غلام زید سوا بھائی غلام زید کے
در	میں	در خانہ گھر میں	در خانہ دوست دوست کے گھر میں	در خانہ برادر دوست دوست کے بھائی کے گھر میں
بیچ	کے	بیچ گھر کے	بیچ گھر دوست کے	بیچ گھر بھائی دوست کے

[illegible] ۱۲

حروف	کلمہ ہندی	مثال اسم مفرد	مثال اسم مرکب بیک اضافت	مثال اسم مرکب بدو اضافت
بر		بر تخت	بر تخت شاه	بر تخت شاه ہند
اوپر	پر	تخت پر	بادشاہ کے تخت پر	ہند کے بادشاہ کے تخت پر
	کے	اوپر تخت کے	اوپر تخت بادشاہ کے	اوپر تخت بادشاہ ہند کے
با		با زید	با برادر زید	با غلام برادر زید
ساتھ	کے	ساتھ زید کے	ساتھ بھائی زید کے	ساتھ غلام بھائی زید کے
بے		بے اختیار	بے یاد پروردگار	بے یاد پروردگار عالم
بغیر	کے	بغیر اختیار کے	بغیر یاد پروردگار کے	بغیر یاد پروردگار عالم کے

فصل در بیان کلمات کہ بعضے برائے معنی خاص است و بعضے در معنی دخل ندارد

	حرف	مثال		یعنے	
	ب	بگفت و بگوید و بگو		یعنے	گفت و گوید و گو
کلماتیکہ برائے زینت کلام آرند و در معنی دخل ندارد	مر	منت مر خدا را	ع اس کے معنے تخصیص کے سمجھے جاتے ہیں۔ خلاف قول مصنف کے ۱۲	″	منت خدا را
	در	در ساخت		″	ساخت
	بر	بر جہید		″	جہید
	فرا	فرا رفت		″	رفت
	فرو	فرو خواند		″	خواند
	وا	وا گذارند		″	گذارند
	خود	من خود چہ کسم		″	من چہ کسم
	ہمی	ہمی رفتی		″	رفتی
	ار	گفتار دیدار		″	گفت و دید
	ین	نخستین و کمترین		″	نخست و کمتر
	ان	رخان خوبت از غبار خط چہ زیان			رخ خوب ترا از غبار خط چہ زیان
کلمات بمعنے خداوند	مند	مستمند و آرزومند			خداوند ستم و خداوند آرزو
	گار	ستمگار و گنہگار			خداوند ستم و خداوند گناه
	ور	تاجور ہنرور رنجور مزدور			خداوند تاج و خداوند ہنر و خداوند رنج و خداوند مزد

کلمات معنی فاعلیت	گر	شیشه گر	وکاسه گر	یعنی	سازندهٔ شیشه وسازندهٔ کاسه
	ان	خندان	وگریان	"	خنده کننده وگریه کننده
	ار	خریدار	وفروختار	"	خرید کننده وفروخت کننده
کلمه بسیاری	لاخ	سنگلاخ	دیولاخ رودلاخ	"	بسیار سنگ بسیار دیو بسیار رود
کلمات معنی مانند که آخر اسما آیند مگر فقط لفظ سار در اول هم آید بشرطیکه یای موحده بر آنها باشد چون بچو ار بزرگان ولسان گریبان	وس	خوردس بدال مهمله وسین مهمله		"	مانند خرد
	دیس	خردیس بدال مهمله یای تحتانی		"	مانند خرد
	وال	پلوال		"	مانند پل یعنی مینڈ کھیت کی
	ون	پیلون	استرون	"	مانند پیل مانند استر
	وند	پولاوند	وخداوند	"	مانند پولاد وبمانند خدا
	اوند	خویشاوند		"	مانند خویشان
	اش فش وش	شیرش شاهفش ماهوش		"	مانند شیر مانند شاه مانند ماه
	آسا	شیرآسا مردآسا	رستم آسا	"	مانند شیر مانند مرد مانند رستم
	وار	بزرگوار	بنده وار	"	مانند بزرگ مانند بنده
کلمات معنی ظرفیت وبسیاری	سان	شیرسان	فرشته سان	"	مانند شیر مانند فرشته
	سار	خاکسار	سبکسار	"	مانند خاک مانند چیز سبک
	سار	شاخسار	ونمکسار	"	بسیار شاخ بسیار نمک جای نمک
	بار	دریابار	رودبار	"	بسیار دریا وبسیار رود
	زار	گلزار	لاله زار	"	بسیار گل جای گل بسیار لاله جای لاله
کلمات معنی لیاقت	ستان	گلستان بوستان مکتب ادبستان		"	" " " ادب یعنی مکتب
	وار	شاهوار	گوشوار	"	لایق شاه ولایق گوش
	انه	شاهانه	مردانه	"	لایق شاه ولایق مرد
	گان	شایگان بیگان اصل شاهگان بیگان		"	لایق شاه ولایق انداختن براه
کلمات	بان	دربان	فیلبان	"	نگهبان در نگهبان فیل

[illegible]	دار	پرده دار	رازدار	یعنی	نگہبان پرده	نگہبان راز
	وان	پہلوان	ہندوان	"	" بہل	" ہندی
[illegible]	ناک	غمناک	دردناک	"	پیوسته بغم	پیوسته بدرد
	گین	اندوہگین	خشمگین	"	" بانده	" بخشم
کلمات تصغیر	ک عربی	مردک	اسپک	"	مرد خرد	اسپ خرد
	چه	باغچه	طاقچه	"	باغ "	طاق "
	واو	پسررو		"	پسر	
[illegible]	یای معروف	کابلی قریشی ہندی		"	منسوب بکابل منسوب بقریش منسوب بہند	
	ین	زرین سیمین نگارین		"	" بزر " بسیم " بنگار	
	ه	یکساله یکماہه یکروزه		"	" یکسال " یکماه " یکروز	
	اک	فغناک مغاک تپاک		"	" بفغ یعنی بت " بمغ یعنی عمق " به بت	
	ان	ایران توران		"	" بایر " بتور پسران فریدون	
	انه	سالانه ماہانه روزانه		"	" بسال " بماه منسوب بروز	
	ن	ریمن جوشن		"	" به ریم " بجوش یعنی حلقه	
	ویه	راہویه سیبویه		"	" براه " بسیب که رخسارش چون سیب بود	
کلمات بمعنی رنگ	دام	سبزدام	زرددام	"	سبزرنگ	زردرنگ
	فام	سرخ فام	سفیدفام	"	سرخ رنگ	سفیدرنگ
	بام	سبزبام	سرخ بام	"	سبزرنگ	سرخ رنگ
	گونه	زردگونه	گلگونه	"	زردرنگ گلرنگ یعنی سرخ رنگ	
	گون	گلگون	سیمگون	"	رنگ گل	رنگ سیم
	چرده	سیاه چرده مختص بلفظ سیاه		"	سیاه رنگ	
	چرته	"		"	"	
[illegible]	یای معروف	بخشیدگی شرمندگی		"	بخشیدن و متغیر شده شدن کام کشیدن از بیم آخر شده	

علامات مصدری	یا معروف	کام بخشی	یعنے	دشوار ‌مندہ بکاف فارسی بدل شدہ
	ار	گفتار رفتار	″	گفتن رفتن
	ش	آمرزش بخشش	″	آمرزیدن بخشیدن
علامات ظرفیت ... مرون	دان	قلمدان نمکدان	″	جائے قلمداشتن جائے نمکداشتن
	وند	آوند دراصل آبون	″	جائے آب داشتن
علامات تاکید ... چون جہان جہان و عالم عالم یعنی بسیار بسیار	خوب	خوب دیدم	″	بہت دوڑا ہیں
	نیک	نیک نگریستم	″	غور کرکے دیکھا ہیں نے
	بسیار	بسیار جستم	″	بہت ڈھونڈا ہیں نے
	ہمہ	ہمہ یاران رفتند	″	سب یار گئے
	جملہ	جملہ سپاہ فراہم آمد	″	سب سپاہ جمع آئی۔
	بسا	بسا متکبران و بسی مغروران	″	بہت تکبر والے اور بہت غرور والے
	بسے	دیدم کہ آخر خاک شدند	″	دیکھے ہیں نے کہ آخر خاک ہوئے۔
	آری	آری ہمچناں ست	″	ہاں ایسا ہی ہے۔
علامات ایجاب	بلے	بلے ہمچنیں شنیدہ ام	″	ہاں ایسا ہی سنا ہے۔ ہیں نے
	لبیک	لبیک چہ می فرمائید	″	حاضر ہوں جیب کیا فرماتے ہو۔

خاتمہ مشتمل بر چند فوائد قواعد فارسی کہ دانستن آں ضرورست

فائدہ بیانِ امالہ کیا ہے۔ الف کی جگہ یائے مجہول پڑھنا جیسے حساب و حسیب کتاب و کتیب رکیب اعتماد اعتمید اور جیسے با تا ثا بے تے ثے علیٰ ہذا القیاس۔ فائدہ جب کلمے کے اوپر الف ہو اس کلمے کے پیچھے موحدہ زائد یا نون نفی یا میم نہی آئے وہ الف یائے تحتانی سے بدل ہوتا ہے جیسے افگند بیفگند نیفگند افگن بیفگن مفگن کبھی اس یائے تحتانی کو حذف بھی کرتے ہیں جیسے بفگن مفگن۔ فائدہ دو کلمے جو آپس میں ترکیب پاویں پہلے کلمے کے آخر کا حرف اور دوسرے کلمے کا پہلا حرف ایک جنس سے ہو پہلے کلمے کے آخر کے حرف کو حذف کرتے ہیں ہم جنس ہونے کی تمثیل ... دلِ کو سپید یو اور گرد وہن کو گر دہن کہتے ہیں۔ پہلے حرف کو دوسرے حرف میں ادغام کرتے ہیں جیسے

شپر کہ اصل میں شب پر تھا۔ فائدہ حرف مشدد فارسی میں اصلاح نہیں آیا۔ لفظ فرخ اور خرم شاذ و نادر ہیں
فائدہ۔ وہ تائے فوقانی کہ عربی میں جسکی صورت گرد لکھتے ہیں بموجب رسم خط فارسی کے دراز لکھنا چاہیئے۔ جیسے
نعمت رحمت سخاوت شجاعت اور جہاں کہیں الف ساکن جمع کا ہو گرد لکھتے ہیں جیسے صلوٰۃ و زکوٰۃ ہیں فائدہ
عربی میں لفظ انشاء اللہ تعالیٰ کا ان جدا اور شاء جدا لکھتے ہیں۔ فارسی میں ملا کے لکھنا چاہیئے فارسی والے انشاء اللہ
کو ایک کلمہ جانتے ہیں۔ فائدہ نون اور بائے موحدہ جو کسی کلمے میں باہم متصل ہوں اور دونوں کو میم مشدد یا میم مخفف سے بدل لینا
درست ہے جیسے خنب اور خم دنبل اور دمل سنب اور سم فائدہ لفظ ان اور لفظ ے واسطے انسان کے مقرر ہیں جہاں ان لفظوں پر لفظ
ہا یا لفظ ھا آئے تو طرف غیر انسان کے بھی راجع کرنا انکا درست ہے۔ اور یہ نظم میں بیشتر ہے۔ فائدہ بائے موحدہ زائد اور نون
اگر کسی کلمے میں جمع ہوں بائے موحدہ کو نون کے اوپر مقدم کرنا چاہیئے۔ کیونکہ حرف زائد درمیان میں لانا روا نہیں جیسے
بنگافد اور بنایند فائدہ جیسے عربی میں دو کلمے باہم آتے ہیں علیحدہ ہوں تو بیجتے ہیں جیسے حیص بیص یعنی حیران اسی
طرح فارسی میں بھی ہیں جیسے تار و مار جیسے تار و مال کہتے ہیں یعنی پریشان لیکن عربی میں بغیر عطف کے پڑھتے ہیں
اور فارسی میں ساتھ واؤ عطف کے فائدہ نون جو حرف مدہ کے بعد واقع ہو غنہ پڑھنا چاہیئے فارسی میں اس نون کا
ظاہر پڑھنا درست نہیں۔ مگر جبکہ اس پر کسرہ اضافی یا توصیفی آوے حرف مدہ الف ہے۔ اور وہ واؤ کہ جسکا ماقبل
مضموم ہو اور وہ یائے تحتانی کہ جسکا ماقبل مکسور ہو جیسے جان اور جنون اور دین میں مثال اضافت کی جان من جنون
تو دین حق فائدہ صیغہ ماضی اور صیغہ امر بمعنی مصدر بھی آتے ہیں ع گفت عالم بگوش جان بشنو یعنی گفتن عالم جیسے
ع سوز دل پروانہ مگس را نہ بیندہ یعنی سوختن دل پروانہ۔ گفت صیغہ ماضی ہے بمعنی مصدر اور سوز امر ہے بمعنی مصدر
فائدہ صیغہ امر کا جو کسی اسم سے مرکب ہو کے بعد اس اسم کے واقع ہو تو وہ امر اکثر معنی اسم فاعل کے پیدا کرتا ہے اور ترکیب
میں مضاف ہوتا ہے۔ اس اسم کا اور وہ اسم اس کا مضاف الیہ ہوتا ہے جیسے غریب پرور اور بندہ نواز پرور اور نواز
صیغے امر کے ہیں بمعنی اسم فاعل یعنی پرورندہ غریب نوازندہ بندہ۔ اور کبھی وہ امر معنی اسم مفعول کے پیدا کرتا ہے جیسے
دست پرورد یعنی پروردہ دست اور جیسے خدا بخش یعنی بخشندہ خدا ہندوستان زاد یعنی زادہ ہندوستان۔ فائدہ
کبھی ماضی کبھی اسم سے مرکب ہو کے معنی اسم مفعول کے بخشتا ہے جیسے خانہ زاد یعنی زادہ خانہ اور جیسے دل نہاد یعنی
نہادہ دل فائدہ دو حرف قریب المخرج جو جمع ہوں پہلے حرف کو دوسرے حرف سے بدل کے دونوں کو آپس میں ادغام
کرتے ہیں جیسے بدتر بتشدید تائے فوقانی کبھی پہلے حرف کو حذف کرتے ہیں جیسے بتر بغیر تشدید تائے فوقانی
اور جیسے زودتر کہ اصل میں زود تر تھا اور جیسے آوند کہ اصل میں آبوند تھا اور جیسے فرود کہ اصل میں فرودتر تھا اور بیگانہ کہ

اصل میں یک گان تھا مانند دوگان سہ گان کے یک کے آخر سے کاف تازی حذف کیا۔ فائدہ عربی میں جو بعض کلمات کے آخر الف ممدود ہے یعنی وہ الف جسکے بعد ہمزہ ہے جیسے علماء فضلاء فارسی میں ہمزہ نہ لکھنا چاہیئے لیکن اضافت میں ہمزہ کی جگہ یائے تحتانی لکھیں جیسے علمائے عصر فضلائے دہر فائدہ لفظ کس انسان کیواسطے مقرر ہے اور واسطے غیر انسان کے لفظ چیز اور چہ جیسے بیت سعدی مرحوم کی بیت بنا یاد ستن اندر چیز کس دل کہ دل بر داشتن کا ریست مشکل فائدہ جس کلمے کے آخر الف یا ہا یا یائی تحتانی ہو اور یائے تحتانی نسبت کی اسکے آخر لگا دیں تو اس الف کو اور ہا کو اور یائے تحتانی کو واو سے بدلیں جیسے مصطفے مصطفوی بنالہ ابنا لوی دہلی دہلوی فائدہ بعض کلمات میں واسطے تخفیف کے اختصار کرتے ہیں جیسے نو مختصر ہے نوکا اور گو مخفف گودن کا اور بغدا مختصر ہے باغ داد کا کہ نوشیروان نے وہاں واسطے شکر داد کے ایک باغ بنایا تھا۔ آٹھویں روز وہاں بیٹھکر داد کیا کرتا تھا۔ فائدہ بعض مصدر لازم اور متعدی دونوں ہیں جیسے سوختن جلنا جلانا افروختن روشن ہونا روشن کرنا آموختن سیکھنا سکھانا۔ چیدن پکنا پکانا شکستن ٹوٹنا توڑنا۔ فائدہ جس کلمے کے سرے پر ہمزہ ہو یعنی الف متحرک ہو وہ الفظ درج کلام میں ساقط کبھی ہوتا ہے یعنی پڑھنے میں نہیں آتا۔ اور اسکی حرکت ماقبل کو دیتے ہیں مگر اکثر وہ لکھنے میں آتا ہے اور بعضے الفاظ میں لکھنے میں بھی نہیں آتا جیسے ع اوست اقرب من از وو رحم حیف تو انکے الف کی حرکت ماقبل کو دی پڑھنے سے ساقط کیا اور لکھنے میں رکھا۔ اور اوکے الف کا ضمہ ازکی زے کو دیا اور اس الف کو پڑھنے اور لکھنے سے دونوں سے ساقط کیا۔ ازاوسے زو پڑھا گیا۔ فائدہ بعض کلمات کہ آخر ان کے الف ہے۔ بعد الف کے یائے تحتانی کی لکھنا یا نہ لکھنا دونوں درست ہے جیسے خدا خدائے پارسا پارسائے بکشا بکشائے بفزا بفزائے ؛

التماس مؤلف گنہگار کی یہ ہے

کہ ہر ایک زبان کی صرف اور نحو کے قواعد بیشمار ہیں۔ سب کا بیان کرنا مشکل اور پڑھنے والے کو ملال۔ چند قاعدے ضروری اس مختصر میں درج کئے جو ان کو ضبط کر لیگا۔ باقی قاعدے کتابوں میں سے آپ نکال لیگا۔ اسواسطے زیادہ طول نہیں دیا اور اس نظم پر تمام کیا

نظم

هزار شکر ہوا مصدر فیوض تمام
جہاں میں یہ رہوں میری یادگار رہے
مجھے کرم سے بزرگوں کے ہے امید فلاح
کریں یہ خدمت منظور مجھ کو با اخلاص

خدا کرے کہ یہ ہو مصدر فیوض انام
ہو فارسی میں ضروری تھا سو بنا یا ہے
جہاں کہیں کہ خطا ہو تو کریں اصلاح
پڑھیں جو فاتحہ شایق ہو کبھی جیس سے

یہ میں نے جمع کیا ہے کہ یادگار رہے
ملال طبع نہ ہو واسطے مختصر کیا
اگر نہ عیب ہو تو صاحب قدر و قدرداں ہیں
بحق احمد مرسل و آلہ الامجاد

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علےٰ سید المرسلین محمدؐ و آلہ المتقین و اصحابہ النورعین الےٰ یوم الدین۔ اما بعد یہ رسالہ فیض مقالہ نافع خاص و عام "مصدر فیوض" تاریخی نام جو قواعد ضروریہ صرف نحو فارسی اور فوائد عجیبہ پر مشتمل ہے۔ ہم نے نہایت اعلیٰ اہتمام سے چھپوا کر ہدیہ ناظرین کیا ہے۔ علاوہ ازیں ہمارے کتبخانہ میں ہر ایک قسم کی کتب عربی۔ فارسی۔ گورمکھی شاستری۔ انگریزی خاص رعایت و کفایت سے مل سکتی ہیں۔ شائقین بالتمکین ضرور فائدہ اٹھادیں۔

ملنے کا پتہ
شیخ برکت علی اینڈ سنز تاجران کتب بازار کشمیری لاہور